# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 19 نومبر 2012ء بمطابق 4 محرم الحرام 1434 ہجری صبح گیارہ بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَٰنَٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعَۢا بَصِيرٗا O يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَأُوْلِي ٱلۡأَمۡرِ مِنكُمۡۖ فَإِن تَنَٰزَعۡتُمۡ فِي شَيۡءٖ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمۡ تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۚ ذَٰلِكَ خَيۡرٞ وَأَحۡسَنُ تَأۡوِيلًا۔

(ترجمہ): بے شک تم کو اللہ تعالیٰ اس بات کا حکم دیتے ہیں کہ اہل حقوق کو ان کے حقوق پہنچادیا کرو اور یہ کہ جب لوگوں کا تصفیہ کیا کرو تو عدل سے تصفیہ کیا کرو بے شک اللہ تعالیٰ جس بات کی تم کو نصیحت کرتے ہیں وہ بات بہت اچھی ہے بلاشک اللہ تعالیٰ خوب سنتے ہیں خوب دیکھتے ہیں۔ اے ایمان والو تم اللہ کا کہنا مانو اور رسول کا کہنا مانو اور تم میں جو لوگ اہل حکومت ہیں ان کا بھی پھر اگر کسی امر میں تم باہم اختلاف کرنے لگو تو تم اس امر کو اللہ تعالیٰ اور رسول کے حوالہ کر دیا کرو اگر تم اللہ تعالیٰ پر اور یوم قیامت پر ایمان رکھتے ہو یہ امور سب بہتر ہیں اور ان کا انجام خوشتر ہے۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی تھوڑا سا ہاؤس کو 'کمپلیٹ' کرنے دو تو پھر آپ کا ہاؤس ہے جو بھی آپ کہیں گے، ان شاء اللہ ویسے ہی ہو گا۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ایک معزز رکن جناب راجہ فیصل زمان صاحب نے 19-11-2012 کیلئے چھٹی کی درخواست ارسال کی ہے: Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: 'Panel of Chairmen': In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a 'Panel of Chairmen' for the current Session:

1. Mr. Saqibullah Khan Chamkani;
2. Mr. Abdul Akbar Khan;
3. Mufti Said Janan; and
4. Mr. Israrullah Khan Gandapur.

## عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: 'Committee on Petitions': In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a 'Committee on Petitions' comprising the following Members under the Chairmanship of Mr. Khushdil Khan Advocate, honourable Deputy Speaker:

1. Mr. Israrullah Khan Gandapur;
2. Mr. Muhammad Javed Abbasi;
3. Hafiz Akhtar Ali;
4. Ms. Noor Sahar;
5. Muhammad Anwar Khan Advocate; and

6. Ms. Yasmeen Zia.

Mr. Speaker: Ji honourable Sikandar Hayat Khan Sherpao Sahib, please.

## رکن اسمبلی جناب محمد علی خان (مرحوم) کو خراج عقیدت

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر، زمونږه د دې هاؤس یؤ ملګرے، زمونږه یؤ Colleague محمد علی خان وفات شوے دے او دا چونکه د هغوی د وفات نه پس وړومبنے سیشن دے نو زما به دا خواست وی چې یؤ خو د هغوی د پاره که دعا هم اوشی جی او ځنګه چې د دې اسمبلئ روایات پاتې شوی دی چې که ممبر دغه شی نو په هغه باندې بیا یؤ تعزیتی اجلاس کیږی او نوره کارروائی نه کیږی، نو زما به تاسو ته دا خواست وی چې د هغوی د پاره دعا هم اوشی او یؤ څو منټه مونږ ته هم راکړے شی چې مونږه په هغوی باندې خبرې وکړو جی۔

جناب سپیکر: بالکل جی، هم دغسې کوؤ-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ودریږئ جی، اول مفتی جانان صاحب۔ مفتی سید جانان صاحب! جو ریکویسٹ کی گئی، ہمارے آنریبل، ہمارے انتہائی معزز دوست اور بھائی محمد علی خان صاحب آج ہمارے درمیان نہیں ہیں تو پہلے تو ان کیلئے آپ فاتحہ خوانی کریں اور اس کے بعد جو جو دوست اس پر بولنا چاہے گا، پارلیمانی لیڈرز، Mostly پارلیمانی لیڈرز۔ مفتی سید جانان صاحب! فاتحہ پڑھیں اور جو دوست اور بھی ان بم دھاکوں میں شہید ہوئے ہیں تو ان کو بھی ذرا دعا میں یاد رکھیں۔ وہ بھی قومی شہید ہیں، قوم کیلئے شہید ہوئے ہیں جو بھی پولیس کے دوست، جو بھی ایف سی کے دوست یا عوام میں اور بھی جو شہداء ہیں، ان سب کو بھی دعا میں یاد رکھیں لیکن آج خصوصی محمد علی خان صاحب۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: اللہ ان کو بخشے جی، سب دوستوں کو بخشے۔ (مداخلت) نہیں نہیں، لیڈر آف دی اپوزیشن سے شروع کرلیتے ہیں۔ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن، اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، ډیره مننه۔ محترم سپیکر صاحب، دلته چې مفتی جانان صاحب کومه دعا اوغوښتله، په هغې کښې

زمونږه ډیر ګران او خوږ ورور محمد علی خان او ورسره زمونږ په دې صوبه کښې نور ډیر درانه او قدرمند او زمونږ هغه ذمه دار خلق، لکه څو ورځې مخکښې دلته زمونږه یو ایس پی صاحب، د دې نه مخکښې هم نور داسې خلق دی چې هغه شهیدان شوی دی او الله تعالیٰ د هغوی ته جنت هم نصیب کړی او الله تعالیٰ ته به سوال کوؤ چې په دې صوبه کښې د دې نه بعد پروردګار امن راولی او خصوصاً په دې روانه، دا زمونږ څلور نیم کاله یا اوس پینځو ته رسی، په دیکښې هم د دې صوبې، چونکه دا اسمبلی چې ده، د دې صوبې یو Cream دے او دې ته چې کوم خلق راځی، هغه د خلقو خوښ خلق وی او په دې خلقو باندې یو ډیر غټ اعتماد وی د خپل قوم، د کلی، د علاقې، د حلقې د خلقو او دا محنت چې وکړی جی، د الله تعالیٰ مهربانی خو په خپل ځائے باندې خو د ډیر غټ محنت نه بعد پروردګار دا مقام ورکړی چې په کروړونو خلقو کښې دوئ دلته، په سؤنو کښې دا خپل نوم اولیکی او پروردګار ورته دا عزت نصیب کړی. نو دومره غټ نقصان د دې هاؤس شوے دے، په دې وخت کښې چې دا موجوده حکومت دے چې که سړے اوګوری جی چې دا د هغه د کور نقصان نه دے، د یو کور نقصان که وی نو هغه هم د کلی وی خو دا نقصان چې شوے دے چې هر یو ممبر زمونږ دلته وفات شوے دے، شهید شوے دے، په خپل مرګ دے نو په هغه باندې د خپل کور نه جی، په هغوی باندې د دې صوبې او د دې قوم ډیر غټ نقصان مخې ته راځی. نو الله ته به سوال کوؤ چې زمونږ دا نور کوم، دلته هم هغه خلق دی چې ډیر د محنت نه پس راغلی دی چې پروردګار په دوئ باندې هم داسې نظر اوساتی او الله تعالیٰ مونږه مزید د دې نقصاناتو، د دې تکلیفاتو او د دې حادثاتو نه اوساتی. محمدعلی خان د دې هاؤس یو ډیر خوږ ممبر وو جی او د ځان په لحاظ ئے جی که اوګورئ نو هغه دلته خپله هم د یو درونډ پښتون او په ډیر ښکلی انداز باندې به ئے په دې کارروائی کښې او د آدابو سره یو داسې جوړ سړے وو جی، که هغه ستاسو د چیئر احترام دے او که چرته زمونږ د منسټر صاحب یا د دې اسمبلئ دا روایات دی نو هغه د دې روایاتو یو امین وو. نو که د هغوی خاندان ته اوګورئ جی، که د هغه وروڼه دی جی او که د هغه پلار دلاور خان حاجی صاحب، د هغه قوم هم ډیر په غټ مشرانو کښې د هغه خاندان

حسابیږی۔ نو زمونږه ورور وو، لوئے نقصان دے، عظیم نقصان دے او مخکښې په دې رنګ شوی دی نو پروردګار د دوئ په خاندان کښې د محمدعلی خان په بچو، په ورونو او په خاندان باندې نور د کرم نظر وکړی او د دوئ صلاحیتونه د پروردګار د ده خاندان ته منتقل کړی۔ زمونږ دعا هم ورسره ده او ورسره ورسره هغوی ته د صبر هم تلقین کوؤ چې پروردګار د د هغوی خاندان ته لوئے صبر نصیب کړی۔ دا جی یقین اوساتئ چې په چا باندې هم داسې حالات راشی نو کتل خو ئے ډیر دغه دی بهر خلقو ته خو دننه چې کوم تکلیف وی، انسان ډیر سخت دے او دومره سخت دے چې یقین اوساتئ چې که داسې تکلیف په ځنې وخت باندې په دې غر باندې راشی نو هغه به هم اوچوی خو بیا هم انسان چې دے، هغه کښې پروردګار د صبر یؤ ماده پکښې ایښودې ده نو په هغې باندې دے ژوندے وی او په امیدونو باندې ګرځی۔ نو زمونږ دعا هم ده او اللّٰه تعالیٰ د د دوئ په خاندان باندې د دوئ ټول برکتونه راولی او ستاسو هم شکریه ادا کوؤ۔

جناب سپیکر: آمین، آمین، شکریه جی۔ سکندر حیات خان شیرپاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: زه ستاسو ډیر مشکور یم جناب سپیکر چې تاسو ما له موقع راکړه۔ موقع خو داسې ډیره د خفګان موقع ده، محمد علی خان یؤ ډیر ښه انسان وو او د هغه د یؤ داسې کورنئ سره تعلق وو چې د هغوی هم په مهمند ایجنسئ کښې یؤ لوئے نوم دے، یؤ لوئے اثر ئے دے او هم په چارسده کښې او خصوصاً په شبقدر علاقه کښې د هغوی ډیر خدمات دی او د هغوی خپل یؤ نوم دے او یؤ اثر ئے دے۔ زه خو اوسه پورې په بعضې وخت کښې سوچ وکړم نو هغه ذهن مې اوسه پورې نه منی ځکه چې ډیر ښه انسان وو او د هر چا سره ډیر ښه طریقې سره به ملاویدو او د هغه د هر چا سره خپل یؤ تعلق به ئے جوړولو او هغه اوسه پورې داسې، بیمارئ کښې داسې طریقې سره لاړ چې د چا ذهن هغه Accept کوی نه چې مونږه سره دلته کښې موجود نه دے۔ ما خو تقریباً دې ځلور نیم پینځه کاله کښې، زما ورسره ډیر نزدې رابطه به وه او تقریباً روزانه به ورسره زما که ملاقات نه کیدو نو په ټیلیفون خو به ضروری ورسره رابطه وه۔ په دیکښې ما ولیدل چې هغه یؤ ډیر ښه سیاسی کارکن، یؤ ډیر ښه سماجی کس او د علاقې په خلقو باندې د هغه چې کومې طریقې سره به زړه خوږیدو، په علاقې

باندې به زړه خوږیدو نو ډیر کم داسې خلق ما لیدلی دی چې هغوی داسې یو رابطه خپل خلقو سره ساتی۔ ستاسو سره خو په ډسټرکټ کونسل کښې هم د هغه یو خپل دغه پاتے شوے دے او د هغې ځائے نه هغه د سیاست خپل آغاز یو لحاظ سره کړے دے ګوچه سیاست کښې خو د سټوډنټ لائف نه راغلے وو خو بیا هغه پارلیمانی دغه یا الیکشن سیاست چې دے ، هغه ئے د ډسټرکټ کونسل نه آغاز کړے وو۔ هغه وخت کښې هم هغه چې کوم خدمات کړی وو نو خلقو به د اوسه پورې هغه یادول او بیا خصوصاً دې څلور څلور نیم کاله کښې چې هغه کومې طریقې سره د خپلې علاقې د خلقو په ډیر سخت حالاتو کښې، په ډیر مشکل حالاتو کښې، ځکه چې هغه علاقه تاسو ته هم معلومه ده او چې دا څنګه تیره شوه، د ده په خاندان چې څه تیر شو، په بچو ئے څه تیر شو هغه هم تاسو ته، د هغې نه تاسو باخبره یئ۔ نو د هغې باوجود هغه په یو ځائے کښې مستقل پاتے شو او خپله رابطه ئے د عوامو سره نه پریښودله ځکه چې هغه په دې شی باندې یقین ساتلو چې یره مونږه د عوامو نه یو او زمونږه بنیاد چې کوم دے ، هغه عوام دی۔ نو په هغه حوالې سره هغه یو ډیر ښه او اهم کردار ادا کړے دے اوکه هلته شبقدر کښې لږ ډیر امن راغلے دے نو په هغې کښې د هغه یو لوئے او اهم کردار دا وو چې هغه هلته کښې موجود وو او د خلقو سره ئے خپله رابطه ساتلې وه۔ زه د خپل اړخه او د پارټئ د اړخه د هغوی د خاندان سره تعزیت هم کومه او دا طمع لرو، دا دعا کوؤ چې هغوی له د اللّٰه تعالیٰ صبر ورکړی او ورسره ورسره دا طمع هم لرو چې د هغه په کشرانو کښې هغه صلاحیت پیدا کړی چې د هغه هغه کمے خو به پوره نه شی دغه کولې خو چې کم ازکم د هغه هغه ځائے اونیسی۔ د هغه چې د کومو خلقو سره رابطه وه او د خلقو چې کوم اعتماد وو چې هغه اعتماد هم هغه شان بحال پاتے شی۔ دا ډیره د دغه خبره ده چې دې ځل دا اسمبلی که مونږه اوګورو نو څه ډیر عجیبه طریقې سره زمونږنه ډیر ممبران د دلته نه لاړل او ډیر دغه اوشو او مونږه دا دعا کولې شو چې اللّٰه تعالیٰ د نور خیر کړی او۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> آمین،آمین۔

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ:</u> او دا باقی وخت چې دے ، دا د نور په خیر خیریت سره تیر شی۔ زه په اخره کښې یو ځل بیا د هغوی د خاندان سره، د هغوی د کور سره،

د هغوی د والد صاحب، حاجی دلاور خان صاحب سره او د هغه د ورونړو سره او د هغه د بچو سره د همدردئ اظهار هم کومه او دا ورله یقین دهانی ورکومه چې مونږ به ورسره په هره موقع باندې هر ځائے کښې ولاړ یو۔

جناب سپیکر: شکریه۔ آمین، آمین۔ د ټریژری بنچز نه جی یؤ تن، بشیر بلور صاحب۔

(مداخلت) هغوی پسې جی۔ دوه د اپوزیشن نه او دوه د ټریژری بنچز نه۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: ډیره مهربانی۔ سپیکر صاحب، د ټولو نه مخکښې ستاسو شکر گزار یمه او د محمد علی خان په باره کښې به زه دا اووایم چې زمونږه دا صوبائی اسمبلی، زما خیال دے پهلا ځل دے چې زمونږ گیاره کسان پکښې، دوه شهیدان شول، څه په خپل مرگ مړه شول او څه داسې ایکسیډنټ کښې مړه شو۔ زما خیال دے زما دا پنځم ځل دے چې داسې اسمبلی چرته ما نه ده لیدلې چې د هغې دومره زیات کسان زمونږه شهیدان شوی وی یا په حق رسیدلی وی او زه دعا کوم چې خدائے د نور هم خیر پیښ کړی او د محمد علی خان په باره کښې به زه دا اووایم چې تاسو ته به یاد وی چې دومره لوئے بلاسټ شوے وو چې مونږ کوم وخت هسپتال ته لاړو، سکندر خان هم وو او هغه وخت کښې چا نه وئیل چې دوئ به بچ کیږی خو خدائے هغې بلاسټ کښې بچ کړو او بیا په خپل مرگ مړ شو نو دا هم ثابتیږی چې خدائے چې چا ته، خدائے ئے چې نه وژنی نو هیڅوک ئے هم نه شی وژلے ، چې کومه شپه په گور وی هغه په کور نه وی او کومه چې په کور وی هغه په گور نه وی او هغه بلاسټ کښې بچ شو او په خپل مرگ مړ شو۔ محمد علی خان صاحب زما سره، زه د صوبې صدر وومه، زمونږ پارټئ کښې زما سره جوائنټ سیکرټری پاتے شوے وو او تقریباً پینځه کاله مونږ یؤ ځائے کار کړے وو نو د هغه انسانیت، شرافت او د هغه سوچ نه مونږ ډیر زیات مستفید شوی هم یو او د هغه خپل یؤ داسې پښتو او غیرت چې هغه تاسو سوچ نه شئ کولے چې هغه ولې زمونږ د پارټئ نه تلے وو؟ هغه خبره زه نه شم کولې خو هغه پخپله یؤ داسې نر سړے وو، داسې پښتون سړے وو او داسې خاندانی سړے وو چې د هغه پلار سینیټر هم پاتے شوے وو، ایم این اے هم پاتے شوے وو او زمونږ دا خوش قسمتی یا بد قسمتی ده چې زمونږ خلق مړه شی نو د هغوی ډیر صفت کوؤ او چې ژوندی وی نو د هغوی مونږه دومره خیال نه

ساتو۔ د هغه کردار دلته په اسمبلئ کښې به هم تاسو لیدلے وی، هغه چرته هم داسې سخته خبره نه ده کړې، چې لس ځله د هغه کار نه وی شوے نو هغه پخپله راځی او خبره کوی چې یره زما دا کار نه دے شوے خو په اسمبلۍ کښې کله هم هغه داسې حالات نه دی پیدا کړی چې اختلافات پیدا شی۔ زما یقین نه دے چې هغه چرته اختلافی خبره هم کړې وی نو زما د هغوی د خاندان سره، د هغوی د علاقې د ټولو خلقو سره او بیا دا هم، څنګه چې سکندر خان اووئیل چې شبقدر داسې نزدې مهمندایجنسئ کښې پروت دے چې هلته دومره تخریب کاری کیده نو دے پخپله ما سره، څو ځل ئے ما ته وئیلی دی چې هلته دومره ځائے کښې، فلانکی ځائے کښې یؤ ناکه پکار ده، فلانکی ځائے کښې پولیس پکار دے نو هغه د خپلې علاقې د خلقو د پاره همیشه جدوجهد کړے دے او کله چې راغلے دے نو ذاتی کار ئے کله راباندې نه دے کړے، د علاقې د خلقو د کار د پاره هغه همیشه وئیلی دی او جهګړه ئے هم کړے ده۔ نو مونږه هغوی ته خراج تحسین هم پیش کوؤ او دعا هم کوؤ چې خدائے ورته اووه واړه جنتونه نصیب کړی او د هغه خاندان ته خدائے صبر ورکړی او د هغه بچو ته خدائے دومره همت ورکړی چې د هغه په شان او د هغه په نقش قدم باندې اوچلیږی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آمین۔

سینئر وزیر (بلدیات): زما به په اخر کښې یؤ خواست وی چې خپلې خبرې وکړو نو اعظم خان اعظم هم زمونږ یؤ ډیر Important شاعر وو، یؤ ادیب وو، هغه هم په حق رسیدلے دے، د هغه د پاره هم پکار ده چې مونږ ټولو خلقو سره، زمونږ دلته ډیر لوئے لوئے خلق، زمونږ د ایس پی صاحب سر پرې کړے شوے وو، بل ایس پی صاحب دې دوه میاشتو کښې، د اسمبلی مینځ کښې دوه ایس پی صاحبان شهیدان شوی دی او ډیر خلق، داسې زمونږ ایف سی کښې هم او نور هم شهیدان شوی دی۔ دا نن هم باړه کښې خلق، نن هم بلاسټ شوے دے، شهیدان شوی دی نو زما دا ریکویسټ دے چې دا ټول په خپل خپل ځائے هر یؤ کس زمونږ د پاره ډیر Important دے، هر یؤ انسان خپل یؤ اهمیت لری او دا محمد علی خان شو، اعظم خان اعظم شو، زمونږ د پولیس مشران شو، نو دا هم ډیر Important خلق دی، زما به دا خواست وی چې د اعظم خان په باره کښې هم یوه دعا اوشی، ډیر

لوئے سړے وو، ډیر غټ ادیب وو، د پښتنو ډیر لوئے شاعر وو چې د هغه د پاره هم دعا اوشی نو زما خیال دے هغه ته خراج تحسین او خراج عقیدت به ورته پیش شی۔ ډیره مننه۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب! دعا آپ فرمائیں، جس طرح معزز رکن اسمبلی نے اعظم خان اعظم کیلئے اور جو اور ایسے شہید بھی ہیں، ان کیلئے۔

(اس مرحلہ پر پشتو شاعر ڈاکٹر محمد اعظم اعظم اور دیگر شہداء کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

مفتی کفایت اللہ: دا زه يؤ وضاحت كومه جی، بشير خان اووئيل چې اووه واړه جنتونه، دا جنتونه خو اته وو نو د اے این پی گورنمنټ هغه يؤ جنت هم رانه کم کړو كه څنګه چل دے ؟

(قہقہے)

جناب سپیکر: حاجی قلندر خان۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب، مفتی صاحب کی تو یہ خاصیت ہے کہ آپ سب کے غمزدہ ماحول کو تھوڑا سا رنگین بنا دیا۔ جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ چونکہ کافی تفصیل سے اس پر بات ہوئی، جناب سپیکر، میں اپنی طرف سے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام اراکین کی طرف سے محمد علی خان صاحب کے اس غم میں برابر کے شریک ہیں اور جناب سپیکر، ہم تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ چونکہ میرا تعلق ان کے ساتھ کافی عرصے سے تھا لیکن وہ ایک انتہائی شریف انسان تھے اور اسمبلی میں میں نے پھر ان کے کردار کو بخوبی نوٹ کیا۔ جناب سپیکر، جب بھی ان کے حلقے کا کوئی مسئلہ ہوتا تھا، جب بھی ان کے حلقے کے لوگوں کی کوئی بات ہوتی تھی، کوئی تکلیف ہوتی تھی جناب سپیکر، وہ بھرپور انداز میں اس کو یہاں پر اسمبلی میں اس وقت تک نہیں چھوڑتے تھے، حکومتی بنچز کو، جب تک وہ اپنے آپ کو مطمئن نہ کرتے یا کوئی وعدہ ان سے نہیں لیتے تھے۔ جناب سپیکر، ان کے اس غم میں شریک ہیں ہم، اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے خاندان کو صبر عطا فرمائے۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: آمین آمین، ثم آمین۔ حاجی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نگهت بی بی! ته د د ه نه مخکښې کیدل غواړې؟

حاجی قلندر خان لودھی: اس اسمبلی کے تقریباً پانچ سال ہونے والے ہیں اور شاید ہی ہمارا کوئی ایسا اجلاس ہوا ہو جس میں ہم نے ایک سے، جو Next سے پہلا اجلاس گزرا ہو، اس میں دوسرے سے زیادہ صدمہ نہ دیکھا ہو۔ ہماری اس اسمبلی کے تقریباً گیارہ بارہ دوست اس اسمبلی میں ہم سے جدا ہو گئے۔ ہماری ساری Strength 124 ہے اور تقریباً دسواں حصہ ہم سے جدا ہو گیا ہے، انتہائی دکھ کی بات ہے۔ بھائیوں نے بھی بات کی جناب سپیکر، جہاں تک محمد علی خان کی بات ہے، وہ انتہائی نڈر، بہادر اور صاف گو انسان تھے۔ ان پر حملہ ہوا، ان کا بیٹا اغواء ہوا، انہوں نے بڑے صبر، حوصلے اور بڑے تحمل اور جرات سے اس کا مقابلہ کیا لیکن جناب سپیکر، موت اٹل ہے، ہر ایک نے اس کا مزہ چکھنا ہے، اس کے سامنے ہر کوئی عاجز ہے، لہذا ہم سب کو اس کی فکر ہونی چاہیئے کہ یہ دیکھیں کہ ہمارے ساتھ جو گیارہ بارہ بھائی بیٹھے ہوئے تھے، آج وہ ہمارے ساتھ نہیں ہیں۔ ہمارا جوان بھتیجا، ہمارے اپوزیشن لیڈر درانی صاحب کا بیٹا، کوئی سوچ سکتا تھا کہ وہ ہم سے جدا ہو جائے گا؟ ان کی عمر دیکھیں، ان کی جوانی دیکھیں، ابھی ان کی شادی ہوئی تھی لیکن یہ موت وہ نہیں دیکھتی، نہ ہی یہ بوڑھے کو دیکھتی ہے، نہ ہی جوان کو دیکھتی ہے بلکہ ہر ایک کا وقت مقرر ہے، اسلئے ہمیں اس کے متعلق اپنی سوچ رکھنی چاہیئے اور دوسری بات یہ کہ مفتی صاحب ہمارے بڑے قابل احترام مفتی ہیں، مولانا صاحب ہیں۔ ایک ماحول ہوتا ہے، جب دکھ کا ماحول ہو تو میرے خیال میں اس میں دکھ کی بات اچھی لگتی ہے۔ اگر ہم دعا میں بیٹھے ہوں اور دعا کر رہے ہوں تو اس میں اگر ہم ہنسنا شروع کر دیں تو میرے خیال میں جو لواحقین ہیں، جن کیلئے ہم تعزیت کرتے ہیں، وہ دکھی ہو جاتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم Routine work کر رہے ہیں، ہمیں دکھ ہوا ہے، ان کے بیٹوں کیساتھ ہمارا، ان کے خاندان کیساتھ، وہ ایک قیمتی انسان تھا، وہ اپنے گھر کا بادشاہ تھا، وہ اپنے گھر کا سرمایہ تھا، ان کے گھر والوں سے پوچھیں کہ ان کو کتنا صدمہ پہنچا ہے؟ اسلئے ہم تعزیت کرتے ہیں اور ان کی قوم اور ان کے خاندان کیساتھ ہم غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں جگہ دے، اپنی رحمت میں انہیں جگہ دے اور ان کا مقام اونچا کرے۔ جناب سپیکر، ہم سب نے ایک دن جانا ہے اور ہمیں

ایک دوسرے کے متعلق بہت زیادہ دعا کرنی چاہیئے اور اس کیلئے ایک بہتر سوچ اور غم رکھنا چاہیئے۔ اللہ ہم سب کو اپنی امان میں رکھے۔

جناب سپیکر: آمین آمین۔ مسلم لیگ (ن) کی طرف سے کون، جاوید عباسی یا عنایت اللہ جدون، کون؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ جی۔ جناب سپیکر، یقیناً آج ہم سب کیلئے بڑا دکھی دن ہے کہ ہمارا وہ ساتھی، ہمارا وہ بھائی جو ہر Sitting میں ہمارے ساتھ ہوا کرتا تھا، آج وہ ہم سب سے جدا ہو گیا اور جن جن دوستوں اور میرے ساتھیوں نے ان کے متعلق باتیں کیں، یقیناً وہ سچ تھیں اور ہم اگرچہ ساتھ بیٹھتے تھے، محمد علی خان صاحب شرافت کے ایک پیکر تھے، بہت شرافت سے وہ اپنی زندگی گزارتے تھے اور اپنے حلقے کے لوگوں سے ان کو بہت زیادہ پیار تھا۔ یہ بالکل ٹھیک کہا عبدالاکبر خان صاحب نے کہ وہ اپنے حلقے کے چھوٹے سے ایشو کیلئے بھی بہت تڑپتے تھے اور آپ سے ٹائم لیتے تھے اور اپنے لوگوں کی بھرپور نمائندگی کرتے تھے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں جگہ دے اور ان کے جو پسماندگان ہیں جناب سپیکر، ان کی فیملی کو اللہ تعالیٰ صبر عطا فرمائے۔ ہر ایک نے ایک دن جانا ہے اور اس فورم پر پہنچ کر اپنے لوگوں کی نمائندگی کر کے اپنے لوگوں کے دلوں میں، اور جس طرح ہم نے دیکھا کہ لوگ ان کی تعزیت کیلئے آئے ہیں اور وہاں ہم نے لوگوں کے جو تاثرات دیکھے، یقیناً جس طرح ہم غمزدہ ہیں اور جس طرح ان کی فیملی آج افسردہ ہو گی، اسی طرح ان کے حلقے کے لوگ، ان کے ملنے والے، ان کے ساتھی، ان کی پارٹی کے لوگ بھی بڑے غمزدہ ہیں اور ان کو بھی ایک loss ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ صرف کسی ایک جماعت کا نہیں، کسی ایک خاندان کا نہیں بلکہ ہمارے صوبے کا ایک بڑا loss ہوا ہے جناب سپیکر، تو ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، ان کیلئے آسانیاں فرمائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آمین آمین۔

جناب محمد جاوید عباسی: جو آخری بات جناب سپیکر، ایک روایت نیشنل اسمبلی نے بھی کی ہے، میں نہیں کہتا کہ یہ آج سے برقرار ہو لیکن جب بھی کسی Sitting Member کی Death ہو جائے تو جو سیشن ہو جناب سپیکر، اس میں اس کی تعزیت کیلئے باتیں کر کے، اور کوئی بزنس نہ ہو اور وہ 'ایڈجرن' ہونا چاہیئے آئندہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان شاء اللہ۔

جناب محمد جاوید عباسی: تاکہ پھر یہ ایک Tradition ہمیشہ کیلئے ہو جائے کہ وہ ایک Sitting Member تھا، ایک 'آنر' ہوتا ہے کسی ممبر کیلئے کہ ہم یہاں سے بات کریں، اس کے جو کارنامے ہیں، ان پر بات کریں، اس کی جو اچھی باتیں ہیں، ان پر بات کریں اور پھر اس دن کوئی اور بزنس آئندہ شامل نہ ہو تاکہ آئندہ یہ ایک اچھا Precedent قائم ہو جائے، Thank you very much, Mr. Speaker۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ نگہت اور کزئی صاحبہ، لیڈیز میں سے نگہت اور کزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ ٱلْمَوْتِ۔ جناب سپیکر صاحب، محمد علی صاحب کو، جب بم بلاسٹ ہوا، جب ان پر 'اٹیک' ہوا، شیر پاؤ خان پر، سکندر خان پر اور ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رحم وکرم سے زندگی دی تو جب میں گئی ان کے پاس آپریشن تھیٹر میں تو جناب سپیکر صاحب، ان کے پورے بدن سے خاصکر ان کے تمام Chest سے خون بہہ رہا تھا، ان کی آنکھوں پر چرے لگے ہوئے تھے لیکن اس کے باوجود ان کا ایک جذبہ تھا، جو ان کی ایک بہادری تھی تو وہ کہہ رہے تھے کہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں سے جانا تو ہر ایک کو ہے لیکن میں سمجھتی ہوں کہ جب ایک ایسا شخص جب وہ عروج کی منزلوں پر ہو تو جب وہ یہاں سے جاتا ہے تو اس کیلئے صوبے کا ہر فرد جو ہے، پارٹی کا ہر فرد جو ہے، اس کے خاندان کا ہر فرد اور خاصکر اس اسمبلی میں جب ہم لوگ بیٹھتے ہیں تو ہم ایک گھر کے افراد کی مانند ہوتے ہیں تو یہی لگتا ہے کہ جیسے ہمارے خاندان کا ایک فرد ہم سے جدا ہو گیا۔ جناب سپیکر صاحب، ان کیلئے یہ بات ہوئی کہ انہوں نے اپنے حلقے کیلئے بہت سے کام کئے، انہوں نے امن کیلئے کام کیا اور انہوں نے بہادری سے ہر اس دہشت گردی کا مقابلہ کیا کہ جو میرا خیال ہے کہ یہاں پہ ہم سب جو بیٹھے ہوئے لوگ ہیں، وہ بھی کر رہے ہیں اور ہمارے جو کافی ساتھی تھے، وہ بم بلاسٹس میں اور دہشت گردی میں یہاں سے اللہ تعالیٰ کے پاس شہیدگی کے عالم میں گئے اور ہم نے یہ ایک 'میسج' چھوڑ دیا، اس اسمبلی نے کہ چاہے ہم پہ جتنا بھی ظلم کرلو، ہم نہ تو کسی سے ڈرنے والے ہیں، نہ ہی ہم دہشت گردوں سے ڈرنے والے ہیں اور نہ ہی ہم امن کو تباہ کرنے والوں کے حق میں ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ان کیلئے صرف ایک ہی شعر میں کہوں گی:

؎ کیا مزا نزاع کے عالم کا جب موت نہ آئے جوانی میں

کیا لطف جنازہ اٹھنے کا ہر گام پہ جب ماتم نہ ہوا

اور جناب سپیکر صاحب، یہ تو محمد علی صاحب اور ان کیساتھ ہمارے جتنے بھی پولیس کے، جتنے بھی ایف سی کے اور اس طرح فوج کے اور ہمارے جو سویلین ہیں، ان سب کیلئے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان سب کو دہشت گردی نے اپنی لپیٹ میں لیا ہے اور جو لوگ اپنی موت سے اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچے ہیں، میں سمجھتی ہوں کہ ان سب کیلئے یہ ایک اعزاز کی بات ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے پاس شہید گی کے عالم میں پہنچے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ہم سب لوگوں کیلئے ایک اعزاز کی بات ہو گی کہ جب یہ اسمبلی اپنی مدت پوری کریگی اور اس میں گورنمنٹ کیساتھ ساتھ اپوزیشن کا بھی بہت بڑا Role ہے کہ اس اسمبلی کے Tenure کو پورا کرنے میں تمام لوگوں نے ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے تاکہ جمہوریت جو ہے، وہ اپنی پٹڑی پہ چلتی رہے۔ جناب سپیکر صاحب، اعظم خان جو بہت بڑے شاعر تھے، ان کیلئے بھی میں بات ضرور کہنا چاہونگی کہ:

؎ اعظمه خان د ورک کړو د ساحل په ارادو
منزل ته رسيدے شوې خو د لارې يريدې

شکریہ جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: بہت بہت شکریہ۔ سعیدہ بتول ناصر صاحبہ۔

<u>محترمہ سعیدہ بتول ناصر</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، محمد علی صاحب ہمارے Colleague تھے، ہمیں ان کی موت کا بہت افسوس ہوا، اللہ تعالیٰ ان کو جنت نصیب کرے اور ان کے پسماندگان کو صبر عطا فرمائے۔ اس کیساتھ ہی یہاں پر قصہ خوانی میں دھماکہ ہوا، ان کو بھی ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں، 'سپیشلی' ہلال حیدر جو ہیں، ایس پی ہلال حیدر صاحب شہید ہوئے۔ میں اپنی جانب سے، اپنی جماعت کی جانب سے اس اسمبلی سے یہ ریکویسٹ کرونگی کہ ان کو بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کہ انہوں نے بڑی جرات کا مظاہرہ کیا۔ ہماری تمام پولیس، ہماری فوج اس وقت ان حالات میں جس جرات کا مظاہرہ کر رہی ہے تو یہ ان کا حق ہے کہ ان کو یہاں اس فلور سے خراج تحسین پیش کیا جائے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ نور سحر بی بی، نور سحر صاحبہ۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ میں آپ کی بڑی مشکور ہوں کہ ہمیشہ ایسے مواقع پر آپ مجھے ٹائم دیتے ہیں اور میرا ابھی دل اندر سے دکھا ہوا ہے تو میں کہتی ہوں کہ میں اس دکھ میں برابر کی شریک ہوں۔ اس طرح مجھے لگتا ہے، میں کہتی ہوں کہ آج میں ان کیساتھ ہی اسی دکھ میں شریک ہوں۔ سپیکر صاحب، ہماری بڑی بد قسمتی ہے یا یہ اس اسمبلی کی ہسٹری کی، اس Tenure کی بڑی بد قسمتی ہے کہ اس

Tenure میں یہ ہمارا گیارواں بندہ جو ہے، یہ چلا گیاہے اور بہت Loss ہو گیااس اسمبلی کا، تو میں کہتی ہوں کہ اللہ میاں آگے بارہویں کا نمبر نہ لائے، اس سے پہلے کہ ہم چلے جائیں لیکن یہ ہے کہ بارہویں کا نمبر نہ آجائے۔ ہمارے گیارہ ایم پی ایز یہاں سے چلے گئے، اس میں جوان بھی چلے گئے، اس میں بوڑھے بھی چلے گئے، اس میں شہید بھی ہو گئے، اس میں دہشت گردی کا شکار بھی ہو گئے، اس میں اپنی موت پہ چلے گئے لیکن تکلیف سب کی ایک ہے، تکلیف اور درد سب کی ایک ہے۔ یہ ایسادرد ہے کہ اس کیلئے کوئی Pain killer نہیں ہے، یہ ایسازخم ہے کہ اس کیلئے کوئی 'انٹی بائیوٹیک' آج تک نہیں بنا ہے، سوائے صبر کے یہاں پر لوگ کچھ بھی نہیں کر سکتے۔ سپیکر صاحب، کچھ دن پہلے مجھے محمد علی صاحب ملے تھے سی ایم ہاؤس میں، تو میری بڑی تعریف کر رہے تھے۔ مجھے پتہ نہیں تھا کہ یہ میری اور ان کی آخری ملاقات ہے۔ مجھے کیا پتہ تھا، ویسے تعریف کر رہے تھے، میں نے کہا کہ محمد علی صاحب! آج آپ بڑی تعریف کر رہے ہیں، تو کہتے ہیں" ته د تعریف لائقه ئې نو ځکه مې د تعریف و کړو "تو میرے سامنے وہ آخری موقع نظر آرہاہے اور آج مجھے ان کی سیٹ دیکھ کر رونا آرہاہے کہ یہ کیا کیا تماشہ اس دفعہ، جس دفعہ ہم Next Session میں آتے ہیں تو ایک بندہ ہم سے گیا ہوتا ہے، تو اللہ کرے کہ یہ سلسلہ اور ختم ہو جائے۔ اللہ سے میں یہ دعا کرتی ہوں کہ اللہ ہم پر رحم کرے، اس اسمبلی پر رحم کرے، اس Tenure پر رحم کرے، ان جوانوں اور ان بوڑھوں سب پر رحم کرے جو اس صوبے میں تباہ و برباد ہو رہے ہیں، تو اللہ میاں سے یہی دعا کر سکتی ہوں اور ایک اور بات یہ ہے کہ محمد علی صاحب کی شرافت کا تو یہاں پر سب کو پتہ ہے کہ اس اسمبلی میں آج تک کوئی بات انہوں نے گورنمنٹ کیلئے نہیں کی، کوئی غلط بات انہوں نے نہیں کی تو ہم ان کو کیا یاد کر کے ان کو بھول جائیں؟ ہم تو ہمیشہ ان کی اچھی باتیں یاد کر کے ان کو یاد کریں گے اور ایک اچھا موقع ان کیساتھ گزارا ہے۔ اللہ کرے کہ ان کو جنت الفردوس میں جگہ مل جائے، ان کے فیملی کو صبر مل جائے جس طرح ہم صبر کر رہے ہیں، اللہ ان کو بھی صبر دے اور اس کیساتھ ہی میں ختم کرتی ہوں سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، بہت زیادہ شکریہ۔ میں اس وقت آپ کی چیئر کے متعلق بھی ایک بات کرنا چاہونگا کہ ہماری اسمبلی کی بہت اچھی روایات ہیں اور خاصکر جب پنجاب اور سندھ میں وہ ہڑبونگ ہمیں نظر آتی ہے تو یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اچھا ہے کہ ہم اس اسمبلی کے رکن

نہیں ہیں۔ قطعاً میری مراد یہ نہیں ہے کہ ہم ان اسمبلیوں کا احترام نہیں کرتے لیکن ایک آدمی بہت زیادہ ووٹ لیکر جب یہاں آتا ہے یا وہ پارٹی کی طرف سے Elect ہوتا ہے، Select ہوتا ہے تو یہاں لوگ اس سے شائستگی اور تہذیب سیکھتے ہیں۔ اس کے معنی قطعاً یہ نہیں ہیں کہ ہم نے کبھی حکومت کی ہاں میں ہاں ملائی ہے۔ مجھے تو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اگر حکومت نے کبھی کوئی ایسی غلطی کی ہے تو ہم نے ان کو غلط جانے نہیں دیا اور موقع پر ٹوکا ہے کہ یہ غلط ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اچھی روایات کی وجہ حکومت کی کارگزاری کے تیس فیصد اس کو نمبر دیتا ہوں لیکن اگر اچھی روایات قائم ہیں اور آج ہم تقریباً پانچویں سال کے اندر ہیں تو اپوزیشن کا اس میں بہت بڑا کردار ہے اور ہمارے اکرم خان درانی صاحب نے اس کو Maintain رکھا ہے اور میں یہ بھی مانتا ہوں کہ آپ کی چیئر نے اس کے اندر ایک اہم کردار ادا کیا ہے اور الحمد للہ اگر کوئی کالج کا لڑکا یا کسی سکول کا طالب العلم یا کوئی سیکھنے والا اگر کچھ سیکھتا ہے تو میری ان سے درخواست ہو گی کہ وہ آکر KP کی اسمبلی سے سیکھیں، خیبر پختونخوا اسمبلی سے سیکھیں کہ یہاں کے لوگوں نے جو 'میسج' دیا ہے، اختلاف کیلئے جھگڑا ضروری نہیں ہوتا، رائے کا اختلاف دلائل کی بنیاد پر ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں " وَجَـٰدِلْهُم بِٱلَّتِى هِىَ أَحْسَنُ" دلیل کے اعتبار سے آپ جو جھگڑا کرتے ہو یا دلیل اپنی پیش کرتے ہو، اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ آپ اپنی اچھی لڑائی لڑتے ہیں اور اچھی لڑائی کے اندر الحمد للہ ہم شامل ہیں۔ اس وقت یہ بات ہو رہی ہے کہ جناب محمد علی خان صاحب کی وجہ سے، ان کی وفات کی وجہ سے یہاں ہم جمع ہیں، میں ذرا Correction کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے بشیر بلور صاحب نے کہا ہے کہ گیارہ لوگ فوت ہو گئے ہیں، میری اطلاع ہے کہ وہ بارہ ہیں۔ چلو گیارہ ہیں یا بارہ ہیں، میں بشیر بلور صاحب کا وہ ڈائریکٹ 'کنٹیکٹ' معلوم کرنا چاہتا ہوں ملک الموت سے کہ وہ واقعی گیارہ ہیں یا بارہ ہیں؟ ایسی اسمبلی کے بارے میں کیا کہا جائے کہ جس کے بارہ لوگ فوت ہو جائیں، یہ ٹھیک ہے وہ جگہ خالی نہیں ہوئی، ان کی جگہ پر اور لوگ آ گئے ہیں لیکن وہ اسمبلی جس اسمبلی کے بارہ لوگ Replace ہو گئے، وہ بارہ چہرے چلے گئے اور ان بارہ چہروں کی جگہ نئے چہرے آ گئے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ باپ کی جگہ بیٹا آیا ہو، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بھائی کی جگہ بھائی آیا ہو اور اکثر تو ایسا ہوا ہے کہ اس پارٹی کا آدمی آیا ہے لیکن میں ان آدمیوں کو جو پہلے تھے اور اب ہمارے پاس نہیں ہیں، میں کن الفاظ میں ان کو خراج تحسین پیش کروں اور وہ لوگ Replace ہو گئے اور یہ امتحان، ہمارے Colleagues کہتے ہیں کہ اس سے پہلے کی اسمبلی پر یہ امتحان نہیں آیا جو امتحان ہم پر آ گیا ہے۔ تو ہمیں تھوڑا سا سوچنا ہو گا اور وہ سوچ یہ ہو گی کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم

کسی بڑے اجتماعی گناہ کے اندر مبتلا ہیں اور ہمارا اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہے۔ اگر ایسا ہے تو پھر ہم تمام کو اپنے اپنے حالات کے مطابق اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہوگا اور یہ دعا کرنا ہوگی کہ جتنے چہرے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کیلئے عافیت اور خیریت کا فیصلہ کرے۔ محمد علی خان صاحب کے بارے میں میں نے ایک شعر آپ کی خدمت میں عرض کرنا ہے، وہ یہ کہ:

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی ایک شخص سارے شہر کو ویراں کر گیا

جو لوگ یہاں آتے ہیں، مختلف حالات کے بعد آتے ہیں۔ ہمارے ہاں مختلف تنظیمیں ہیں، انجمن تاجران، چیمبر آف کامرس، ان کا ایک عاملہ منتخب ہوتا ہے کابینہ، وہ اپنے اپنے ماحول سے نکل کر آتے ہیں لیکن جب وہاں پہنچ جاتے ہیں تو ان کے درمیان ایک محبت پیدا ہو جاتی ہے اور جناب سپیکر، آپ کو یہ اندازہ بھی ہوگا کہ جب ہم سکول میں پہنچتے ہیں تو ہم کلاس فیلو ہوتے ہیں، پھر وہ بات یاد رہتی ہے۔ آج جتنے لوگ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، کسی ایک کے بارے میں نہیں کہا جا سکتا کہ یہ دوبارہ اسمبلی میں آئے گا، ہم خوش فہمی میں مبتلا ہوتے ہیں اپنے بارے میں اور ہم سیاسی لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہوتے ہیں دوسروں کے بارے میں، ہمیں ہر وقت یہ خیال رہتا ہے کہ میں تو جیت جاؤنگا اور وہ نہیں جیتے گا۔ اس کا فیصلہ ہو گیا ہے کہ ایک سیٹ پر ایک ہی آدمی جیتے گا، دو نہیں جیتیں گے لیکن اس طرح کا ماحول ہمیں نہیں مل سکے گا، بہت سارے لوگ آ جائیں گے، بہت سارے لوگ چلے جائیں گے لیکن یہ گزرا ہوا وقت ہمیں یاد آئے گا، اگر ہمارا 'رول' اپوزیشن کا ہے یا ہمارا 'رول' گورنمنٹ کا ہے لیکن یہ وقت یاد آئے گا کہ فلاں آدمی تھا، ہم ایک ساتھ بیٹھا کرتے تھے، اب ایک ساتھ بیٹھنا ہمیں نصیب نہیں ہوا۔ آمد کا تب تقدیر نے ہماری قسمت کے اندر، اس اسمبلی کی قسمت کے اندر پھول نہیں رکھے، اس اسمبلی کی قسمت کے اندر کانٹے رکھے ہیں اور آج ہمارا پورا صوبہ اور اس کا چپہ چپہ بدامنی کا شکار ہے۔ آج یہاں پر تمام طبقات کے لوگ اس دہشت گردی کے خلاف جنگ کا شکار ہو گئے ہیں تو جہاں تاجر محفوظ نہیں ہے، جہاں پولیس کا افسر محفوظ نہیں ہے، جہاں کوئی وکیل محفوظ نہیں ہے، سیاسی آدمی محفوظ نہیں ہے تو وہاں ہمارا یہ ایوان بھی محفوظ نہیں ہے۔ تاریخ کا طالب العلم لکھے گا اور جب وہ لکھے گا تو وہ یہ کہے گا کہ جب دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو رہی تھی تو یہاں تمام کی تمام پارٹیاں، اسمبلی نے اتنی زیادہ قربانی دی ہے کہ کوئی بھی تاریخ کا طالب علم خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ میں محمد علی خان کو جہاں تک جانتا ہوں، میرے ساتھیوں نے تو یہاں یہ کہا ہے کہ وہ بم بلاسٹ کے اندر محفوظ ہو گئے اور بعد میں طبعی موت پر فوت ہو گئے، ایسا نہیں ہے، وہ جس بم بلاسٹ

کے اندر زخمی ہو گئے تھے اور اس کے Reaction میں انہوں نے جو گولیاں استعمال کی تھیں یا دوائی استعمال کی تھی، اس کا ان پر اثر ہو گیا تھا اور 'ہائی اینٹی بائیوٹیک' کو ان کے اس نظام نے قبول نہیں کیا اور اسی اثر کیساتھ محمد علی خان فوت ہو گئے ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ جو لوگ براہ راست دہشت گردی کا شکار ہو گئے، وہ شہید ہو گئے، آج ہم عالمزیب خان کا نام لیتے ہیں تو ہم کہتے ہیں شہید، میری یہ بھی درخواست ہو گی کہ جب محمد علی خان کا نام لیا جائے تو اس کو بھی شہید کہا جائے، (تالیاں) اسلئے کہ محمد علی خان بھی اسی دہشت گردی کے خلاف جنگ کے اندر شہید ہو گئے ہیں اور وہ دنیا سے چلے گئے ہیں اور آج جب وہ ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں تو میں ان کی پارٹی کو، ان کے تمام ورثاء کو اور ان کے تمام رشتہ داروں کو یہ 'میسج' دینا چاہتا ہوں کہ آپ اس غم میں اکیلے نہیں ہیں، ہمارا ہر آدمی آپ کے غم میں شریک ہے اور یہ اسلئے شریک ہیں کہ یہ غم صرف آپ کا نہیں ہے بلکہ ہمارا بھی ہے۔ آج اگر میں باہر نکلتا ہوں تو میں اپنی حفاظت کی دعائیں پڑھتا ہوں، مجھے ایم پی ایز ہاسٹل سے آنے اور یہاں اسمبلی تک پہنچنے کیلئے کوئی گارنٹی نہیں ہوتی کہ میں ٹھیک رہونگا اور میں کسی کے نشانے میں نہیں آؤنگا اور نشانہ کرنے والے لوگ اس کو بھی نہیں دیکھتے کہ جو نشانے پہ لگتا ہے، اس کا پس منظر کیا ہے، اس کا نام کیا ہے، اس کی قوم کیا ہے، اس کی جماعت کونسی ہے اور وہ آپریشن کی حمایت کرتا ہے یا مخالفت کرتا ہے؟ وہ اس کو بھی نہیں دیکھتا۔ اس نے ایک گولی، ظالم نے چلانا ہوتی ہے اور وہ گولی ایسے شخص پہ لگانا ہوتی ہے جس سے کل اخبار میں سرخی بن جائے۔ اخبار کی سرخی میں بھی ہوں، میرا تعلق جمعیت علماء اسلام سے ہے۔ اخبار کی سرخی بشیر بلور بھی ہیں جن کا تعلق اے این پی سے ہے۔ اخبار کی سرخی ظاہر شاہ بھی ہے جن کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے۔ نگہت اورکزئی کا بھی اخبار کی سرخی سے تعلق ہے۔ ان کا آپ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، وہ دشمنی کو اس نہج میں نہیں لے جاتے، وہ اخبار میں سرخی دینا چاہتے ہیں تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ یہ سسٹم 'ڈی ریل' ہو گیا ہے یا وہ Establish نہیں رہا۔ اب لوگ محفوظ نہیں ہیں، ہمیں یہ احساس دیا جا رہا ہے۔ میرا یہ صوبہ ایک چمن تھا، اس کے اندر بہت سارے پھول کھلے ہوئے تھے جس میں گلاب کے پھول بھی تھے، جس میں چمبیلی کے پھول بھی تھے، جس سے عطر کی خوشبو آ رہی تھی، یہ بالکل معطر تھا، لوگ دیکھنے کیلئے آیا کرتے تھے لیکن آج اس کے امن کو زنگ لگ گیا ہے، خوشبو کی جگہ بدبو آ گئی ہے، وہاں محبتوں کی جگہ نفرت آ گئی ہے، کوئی آدمی محفوظ نہیں ہے اور آج جب ہم پانچ سال پورے کر کے جا رہے ہیں، یہ تو ہم خوشی مناتے ہیں کہ واقعی ہم نے جمہوریت کو چلنے دیا اور اگر جمہوریت چلتی رہی تو لوگوں کی تربیت

ہو جائیگی لیکن ساتھ ہمارے پاس ایک اندھیرا ابھی ہے اور وہ یہ کہ ہم محفوظ نہ تھے، ہم محفوظ نہیں ہیں اور ہم محفوظ نہیں رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ وہ جنگ ختم ہو جائے جس جنگ میں میرے بارہ نوجوان، جس نے بارہ نوجوان ایم پی ایز کو کھالیا ہے۔ جس جنگ کے اندر میرے گھر گھر کے اندر بدامنی کو پھیلا دیا گیا ہے جس نے میرے سکون کو غارت کر دیا ہے، جو رات کو مجھے سونے نہیں دیتا، جو دن کو مجھے سونے نہیں دیتا اور میرا یہ خیال ہے کہ اگر آپریشن کامیاب ہوتا ہے اور ہمارا خیال یہ ہوتا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں، ہر حال کے اندر جی یہ صوبہ جنگ سے پاک ہونا چاہیئے، یہ جنگ سے پاک صوبہ ہونا چاہیئے۔ میرا یہ خیال ہے اگر آج عوامی نیشنل پارٹی کی حکومت ہے، وہ اپنا کردار ادا کرے، آج پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، وہ اپنا کردار ادا کرے۔ یہ تمام۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اب اس کے بعد۔۔۔۔۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> تمام لوگ ملکر سر جوڑیں اور یہ بتائیں کہ صوبے کیلئے کیا اچھا ہے؟ میں امن چاہتا ہوں، میں امن کے علاوہ اور کچھ نہیں چاہتا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں، مفتی صاحب!۔۔۔۔۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> اور جناب سپیکر! میں اپنی ان تمام باتوں پر افسوس کا اظہار کرتا ہوں جس سے کسی کو تکلیف ہوتی ہے لیکن میں آج یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم سیاسی کلب کے لوگ ہیں، ہمارے مسائل مشترکہ ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> ہماری روایات مشترک ہیں اور ہمیں ملکر ان دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا چاہیئے، ہمیں چاہیئے کہ مل جل کر کام کریں۔ اگر خدانخواستہ ہم نے ایسا نہیں کیا، جناب سپیکر صاحب، میں کسی کی دل آزاری نہیں کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مفتی صاحب! آپ محمد علی خان صاحب کی تعزیت تک رہیں جی۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> میں اس کی تعزیت کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> اس کو خوشگوار بنائیں، تعزیت تک، متنازعہ چیزوں سے گریز کریں۔

مفتی کفایت اللہ: میں اسی تعزیت کو مکمل کرنا چاہتا ہوں۔ میں ایسے موقع پر قطعاً ان باتوں کو 'ٹچ' نہیں کرنا چاہتا جس سے کسی اور کو تکلیف ہو۔ آج محمد علی خان ہمارے اندر نہیں ہیں، ہم تمام کے تمام لوگ بہت زیادہ خفا ہیں، اللہ تعالیٰ سے ہم اپیل کرتے ہیں کہ یا اللہ! ہم میں سے کسی اور کا نمبر نہ لگ جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آمین۔

مفتی کفایت اللہ: یہ تمام کے تمام لوگ عافیت سے رہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے گھر میں ان کے خاندان کو اور پسماندگان کو صبر دے اور اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آمین۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! میں ایک شعر کے ذریعے ختم کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ:

؎ چلو اچھا ہوا اپنوں میں کوئی غیر تو نکلا　　اگر ہوتے سبھی اپنے تو بیگانے کہاں جاتے

جناب سپیکر: شکریہ۔

مفتی کفایت اللہ: اور

؎ چلو اچھا ہوا کام آ گئی دیوانگی اپنی　　وگرنہ ہم زمانے بھر کو سمجھانے کہاں جاتے

اور

؎ جس دھج سے کوئی مقتل کو گیا　　وہ شان سلامت رہتی ہے
جس دھج سے کوئی مقتل کو گیا　　وہ شان سلامت رہتی ہے
اس جان کی کوئی بات نہیں　　یہ جان تو آنی جانی ہے

و آخِرُ الدَعَوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ مفتی صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر (بلدیات)}: ما له یؤ منټ را کړئ جی، یؤ خبره کول غواړمه۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، آنریبل۔

سینئر وزیر (بلدیات): نن زمونږ قاضی حسین احمد صاحب مهمندو ته تلے وو او هلته علیمزئی تحصیل کښې په هغوی باندې ریموټ کنټرول حمله شوې ده او په

هغې کښې تقریباً څلور کسان زخمیان دی او قاضی صاحب شکر دے هغوی بچ دی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغه بچ دے ؟

سینئیر وزیر(بلدیات): هغوی بچ دی او څلور کسان زخمیان دی۔ په هغې کښې دوه کسان چې دی، هغه سیریس دی، هغه ئے دې هسپتال ته راوستی دی۔ مونږ د دې مذمت هم کوؤ او دا وایو چې دا زمونږ مشران دی او چې زمونږ په هر یؤ مشر باندې داسې حمله کیږی، مونږ د هغې ډیر په سختئ سره مذمت کوؤ او ورته وایو چې په دې خبرو، کفایت الله صاحب خو ډیرې خبرې وکړې خو زه دا وایمه چې مونږ دهشت گردو ته دا وایو چې په دې خبرو باندې زمونږ حوصلې پست کیدے نشی، ان شاء الله زمونږ ارادې نورې هم مضبوطیږی او دهشت گردی به ختموؤ او چې کومو خلقو دا شروع کړے وو، د هغې تفصیل زه اوس وایم نو بیا ماحول خرابیږی، مونږ نن نه غواړو چې دا ماحول خراب شی۔ گنی دا څومره خبرې چې دوئ کړې دی، د هرې یوې خبرې، یؤ یؤ پوائنټ جواب مونږ ورکولے شو او دے دومره مینه ما سره کوی چې هر یوه خبره زما، هره یوه خبره کښې زما نوم اخلی او بیا وائی اتم جنت، نو ما اتم جنت تا له پریښودے دے چې ته به ځې او زه به ځم او بیا وائی چې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بھی، یہ بھی ایک یادداشت رہے گی کہ آپ لوگوں کا نوک جھونک۔۔۔۔۔

سینئیر وزیر(بلدیات): او جی، نو زه دا وایمه چې دا ډیر زیات زیاتے دے او زمونږ په دې مشرانو باندې داسې حملې کول، مونږ د هغه چا چې هغوی زمونږ په اسمبلئ کښې دی او که نه دی خو زمونږ د صوبې او زمونږ د پاکستان یؤ ډیر لائق سړے دے او په هغوی باندې حمله کول، دا د انسانیت یؤ درندگی ده او دا درندگی چې ده، د دې مونږه مذمت کوؤ۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جناب عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں ایک موشن پیش کرتا ہوں، اگر آپ کی اجازت ہو؟

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Abdul Akbar Khan: Mr. Speaker! I beg to move that this Assembly desires that the honourable President, Islamic Republic of Pakistan, may kindly grace this House by addressing the Assembly today in the 2nd Sitting and I beg to move a motion under rule 240 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, for suspension of rule 24 and other relevant rules in this regard.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the motion moved by the honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is adopted unanimously.

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، زه د خپلې یوې خبرې Clarification کول غواړمه۔ ما ته اوس اطلاع راغله چې په قاضی صاحب باندې حمله ریموټ کنټرول دهماکه نه وه بلکه خودکش حمله وه او دا خودکش دهماکه یوې ښځې وکړله، یعنی فیمیل په دیکښې ملوث وه۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): زه یو خبره کوم جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ښه جی۔

وزیر اطلاعات: چونکه زه خپله اوس راغلمه، دلته د ایران وفد مونږه رخصتولو۔ اطلاع هم داسې ده، صرف دا خبره په دې بنیاد کول غواړو۔ بشیر خان چې خبره وکړه د ریموټ نو مونږ ته، چونکه په ټی وی دا خبر چلیږی او هلته د پی اے د طرف نه هم دا خبره ده چې خودکش فیمیل وه او هغې دهماکه کړې ده۔ څلور چې کوم دے په هغې کښې زخمیان دی خو د دې ورسره بله مزید خبره دا ده چې د سړو په نسبت اوس ښځو ته، دا دویمه ښځه ده چې هم په دغه علاقه کښې ده۔ مونږ د دې شدید مذمت هم کوؤ او پکار دا ده چې دا ټول په شریکه باندې وکړی او قاضی حسین احمد صاحب چې هغه د دې ټول پاکستان لیډر دے، زمونږ د نوښار سره خاصکر تعلق لری او د هغوی مطلب دا دے چې یو خپل پروګرام وو،

په هغې باندې شوې ده او نن اوس د جلسه ګاه هغه لار بنده ده۔ هغلته چې کوم دے نو یؤ نور مشکل هم پیښیدے شی، لهذا د مذمت سره سره مونږ د ټولو ملګرو نه دا طمع لرو چې دلته مونږه، چې څنګه مونږ وایو چې په عام سړی باندې خودکش کیږی نو مونږ ئے مذمت کوؤ۔ دغه رنګ په قاضی حسین احمد صاحب او په هغوی شوې ده، د هغې شدید مذمت کوؤ او د خودکش دهماکو مذمت هم کوؤ او ورسره د سړو، دا ښځې چې پکښې اوس داخلې شوې نو خودکشو دومره ترقی وکړه، دهشت ګردئ دومره ترقی وکړه چې هغوی د سړو نه ښځو ته شو۔ پکار ده چې مونږه پرامن خلق، اوس پکار دا ده چې سړو سره ښځې هم مونږه مطلب دے چې میدان ته په دې شکل کښې رااوځو چې د امن د پاره په هغه شکل کښې کار وکړو څنګه چې خودکش لګیا دی او دغه کار کوی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ میاں صاحب۔ ابھی موجودہ Sitting کو چائے اور نماز کے وقفہ کیلئے 'ایڈجرن' کرتا ہوں، Second Sittingان شاء اللہ پونے دو بجے ہم دوبارہ شروع کریں گے لیکن آپ سب معزز اراکین اور میرے بڑے بزرگ اور سب سے، بہنوں سے گزارش ہے کہ وہ ٹائم پر تشریف لائیں کیونکہ ہمارے ایک بہت ہی معزز مہمان ہماری اسمبلی میں ان شاء اللہ تشریف لا رہے ہیں۔ آپ سب وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔ ابھی پرانے ہال میں چائے پر مزید گپ شپ ہو گی، اس وقت تک، پونے دو تک یہ Sitting adjournکرتا ہوں۔ تھینک یو۔

---

(اجلاس آج بروز سوموار مورخہ 19 نومبر 2012 بعد از دوپہر پونے دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

# دوسری نشست

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 19 نومبر 2012ء بمطابق 4 محرم الحرام 1434ہجری بعداز دوپہر چار بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

## صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کی ایوان میں آمد

(اس مرحلہ پر صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، جناب آصف علی زرداری، گورنر خیبر پختونخوا، بیرسٹر مسعود کوثر جناب سپیکر، کرامت اللہ خان کے ہمراہ ایوان میں تشریف لے آئے)

(جملہ اراکین اسمبلی نے مہمانان گرامی کا استقبال کیا)

('زندہ ہے بی بی، زندہ ہے'، 'جئے بھٹو، جئے بھٹو' کے نعرے لگائے گئے)

(اس مرحلہ پر ایوان میں قومی ترانہ بجایا گیا اور تمام شرکاء احتراماً کھڑے رہے)

جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَلَقَدۡ أَهۡلَكۡنَا ٱلۡقُرُونَ مِن قَبۡلِكُمۡ لَمَّا ظَلَمُواْ ۙ وَجَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُم بِٱلۡبَيِّنَـٰتِ وَمَا كَانُواْ لِيُؤۡمِنُواْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجۡزِى ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡمُجۡرِمِينَ O ثُمَّ جَعَلۡنَـٰكُمۡ خَلَـٰٓئِفَ فِى ٱلۡأَرۡضِ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ لِنَنظُرَ كَيۡفَ تَعۡمَلُونَ۔

(ترجمہ): اور ہم نے تم سے پہلے بہت سے گروہوں کو (انواع عذاب سے) ہلاک کر دیا ہے جبکہ انہوں نے ظلم کیا یعنی کفر و شرک) حالانکہ ان کے پاس ان کے پیغمبر بھی دلائل لے کر آئے اور وہ (بوجہ غایت عناد کے) ایسے کب تھے کہ ایمان لے آتے ہم مجرم لوگوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں (جیسا کہ ہم نے ابھی بیان کیا ہے)۔ پھر ان کے بعد ہم نے دنیا میں بجائے ان کے تم کو آباد کیا تاکہ (ظاہری طور پر) ہم دیکھ لیں کہ تم کس طرح کام کرتے ہو۔

## صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کو خوش آمدید

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ میں جناب آصف علی زرداری صاحب، صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کو صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمد پر اپنے، اس پورے ایوان، اسمبلی سیکرٹریٹ اور صوبے کے کروڑوں عوام کی جانب سے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔

(تالیاں)

شکریہ۔ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کیلئے آج ایک تاریخی موقع ہے کہ ہمارے درمیان صدر مملکت جناب آصف علی زرداری صاحب موجود ہیں اور اس اسمبلی کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کوئی سربراہ مملکت آپ کے شاندار ایوان سے خطاب فرمائیں گے۔

(تالیاں)

ایک دفعہ پھر جناب صدر مملکت صاحب کا پورے ہاؤس کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود وقت نکال کر ہماری دعوت قبول کی اور آکر یہ ثابت کر دیا کہ وہ ایک حقیقی جمہوری بلکہ مکمل عوامی صدر مملکت کا روپ دھار چکے ہیں۔

(تالیاں)

جناب صدر مملکت! آپ کی خداداد، قائدانہ صلاحیتوں اور بہترین مفاہمتی پالیسی پر آج پوری قوم معترف ہے۔ یہ انہی کی کامیاب حکمت عملی کا نتیجہ ہے کہ انتہائی مشکل حالات یعنی Terrorism اور سب سے بڑا Energy Crisis اور سیاسی دھکم پیل کے باوجود آج پہلی بار اسمبلیاں اپنی مدت پوری کرنے جا رہی ہیں۔

(تالیاں)

یہ آپ کی مفاہمت کی پالیسی کا نتیجہ ہے کہ آج مرکز اور تمام صوبوں میں مخلوط حکومتیں قائم ہیں اور ملک کی تمام سیاسی لیڈرشپ کی دانشمندانہ اور مدبرانہ قیادت میں موجودہ حکومتوں کو آئین میں متفقہ ترامیم کرنے، قوم کو این ایف سی ایوارڈ دینے اور صوبائی خودمختاری کے علاوہ بالخصوص ہمارے صوبے کو نام کے حوالے سے شناخت دینے میں ان کا اہم کردار کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ (تالیاں)

جس کیلئے میں پورے ہاؤس اور اپنے صوبے کے عوام کی جانب سے اپنے ہر دلعزیز صدر مملکت کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب صدر! یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس، امیر حیدر خان ہوتی کی سربراہی میں صوبہ خیبر پختونخوا تیزی سے ترقی و کامرانی کی شاہراہ پر گامزن ہے (تالیاں) جس کیلئے ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

لیڈر آف دی اپوزیشن اکرم خان درانی صاحب اور تمام اپوزیشن پارٹی لیڈروں اور ان کے ممبران، جس پارٹی سے بھی تعلق رکھتے ہیں، ان تمام کا بھی دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں (تالیاں) کہ ان سب نے ان پورے ساڑھے چار سالوں میں ایک انتہائی تعمیری اور مثبت اپوزیشن کا کردار ادا کیا ہے اور کبھی بھی اپنے صوبے کی عظیم روایات کو پامال نہیں کیا اور ہر وقت ایک مثبت کردار کیساتھ اسمبلی کی کارروائی میں بھرپور حصہ لیا۔

(تالیاں)

جناب صدر! اس اسمبلی کی روایات دیگر اسمبلیوں سے یکسر مختلف اور قابل تقلید ہیں۔ ہمارے صوبے کی اسمبلی کو اول روز سے ہی یہ اعزاز حاصل ہے کہ مختلف جماعتوں اور نظریاتی اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کیلئے جذبہ احترام پایا جاتا ہے جس کی سب سے پہلے اور بڑی مثال ہمارے وزیر اعلیٰ، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا بلا مقابلہ انتخاب ہے۔ (تالیاں) انہی روایات کے پیش نظر وزیر اعلیٰ جناب امیر حیدر خان ہوتی نے بھی پہلے دن سے ہی حزب اختلاف سے اچھے اور مثالی تعلقات قائم کر رکھے ہیں اور میں یہ اعتراف بھی کرتا ہوں کہ بحیثیت کسٹوڈین آف دی ہاؤس میں نے بھی اپنے حکومتی اراکین سے زیادہ اپوزیشن کا خیال رکھا ہوا ہے (تالیاں) اور انہیں اپوزیشن میں ہونے کا کبھی احساس نہیں ہونے دیا جس پر میں تمام حکومتی اراکین کے عظیم تعاون کا بھی ضرور شکریہ ادا کرونگا۔ اسی طرح خیبر پختونخوا کی حکومت کو یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ اپوزیشن کی ہر مثبت تجویز کو خوش آمدید کہا اور ان کی ہر مثبت رائے کا پورا پورا احترام کیا، اس کی دو ایک مثالیں Quote کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ ایک مثال یہ ہے کہ ہماری اسمبلی کے سامنے مفتی محمود فلائی اوور کا منصوبہ ایم ایم اے دور کے اکرم خان درانی صاحب کے وقت کا تھا۔ اس منصوبے میں اپوزیشن کو نام کی تبدیلیوں کا خدشہ ہونے لگا لیکن ہمارے قائد ایوان نے اسی ایوان میں کھڑے ہو کر اپوزیشن کو یہ یقین دلایا کہ اس منصوبے کے نام میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی (تالیاں) اور آج وہ پایہ تکمیل کے مراحل طے کر رہا ہے لیکن تھوڑا سا میرا ایک Reservation ضرور

اس میں ہے جس کی نشاندہی کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ڈرائنگ / ڈیزائنگ میں تین بڑے اہم اداروں ہائی کورٹ، صوبائی اسمبلی، ریڈیو پاکستان اور کئی اور اہم دفاتر جو کہ انتہائی اہم ترین ادارے ہیں، باوجود کئی میٹنگز کے سیکورٹی کا خاطر خواہ خیال نہیں رکھا گیا جس کی اب بھی ضرورت ہے اور وزیر اعلیٰ صاحب سے گزارش ہوگی کہ وہ خود اس کی 'فول پروف' سیکورٹی کا بندوبست کرنے میں دلچسپی لیں۔ اسی طرح سابقہ دور میں درانی میڈیا کالونی کے نام سے صحافی برادری کیلئے ایک منصوبہ شروع کیا گیا مگر آج بھی اس منصوبے کا نام اکرم خان درانی سے منسوب ہے جو کہ قابل تعریف اقدام ہے۔

(تالیاں)

جناب صدر! اس حقیقت کے باوجود کہ امن وامان کا مسئلہ موجودہ حکومت کو ورثے میں ملا، ہمارا صوبہ دھماکوں سے لرزتا رہا ہے جس کے نتیجے میں افواج پاکستان، ایف سی کے جوانوں، خیبر پختونخوا پولیس اور قانون نافذ کرنے والے تمام دیگر اداروں کیساتھ ساتھ ہمارے عوام نے بھی بیش بہا جانی ومالی قربانیاں دی ہیں۔ ان دھماکوں میں ہمارے اراکین اسمبلی نے بھی اپنی جانی ومالی، اولاد اور بھائیوں کی قربانیاں دے کر ایک نئی تاریخ رقم کی۔ ان حالات کے باوجود بھی ہماری حکومت اور عوام نے حوصلہ نہیں ہارا۔ ہماری حکومت کی کارکردگی قابل ذکر رہی جس میں وفاق کے تعاون کا ہم ضرور شکریہ ادا کرتے ہیں اور وفاق سے مزید توجہ کے مستحق ہیں کیونکہ ہمارا صوبہ اس جنگ میں فرنٹ لائن سٹیٹ کا کردار ادا کر رہا ہے۔ اس اسمبلی کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ انتہائی تکلیف دہ حالات کے باوجود نہ صرف آئینی تقاضے پورے کرتے ہوئے اجلاس کیلئے مقررہ ایام پورے کئے بلکہ گزشتہ چار سالوں میں عوام کے بہترین مفاد میں قانون سازی بھی کی، جس میں بہتر (72) بلز پاس کئے، یہ قانون سازی آئندہ آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہو گی۔

جناب صدر! ویسے اسمبلی کو تو بے شمار مسائل درپیش ہیں لیکن آپ کی توجہ اس اسمبلی کے ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ سب سے اہم اور بنیادی مسئلہ اس اسمبلی کا محدود چھوٹا سا احاطہ ہے جس کے باعث وزراء صاحبان اور اراکین اسمبلی کو انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس اسمبلی میں ابھی تک گاڑیوں کی پارکنگ کیلئے جگہ انتہائی کم ہے، ہر وقت (یہ مسئلہ) سٹاف میں بدمزگی کا باعث بنتا ہے جبکہ لائبریری کیلئے کوئی موزوں عمارت نہیں ہے اور نہ ہی ابھی تک کوئی کیفی ٹیریا جو کہ انتہائی اہم ضرورت ہے۔ قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کیلئے ان کے شایان شان کوئی دفاتر موجود نہیں جبکہ اسمبلی

کے اراکین کو ابھی تک کمیٹی رومز کے فقدان کا شدت سے سامنا ہے۔ ہماری چونتیس سٹینڈنگ کمیٹیاں صرف ایک کمیٹی روم سے کام چلا رہی ہیں اور اسمبلی کی انتہائی اہم بزنس کیلئے ہفتوں انتظار کرنا پڑتا ہے۔ صوبائی اسمبلی کے موجودہ ہال پر کافی اخراجات کئے گئے ہیں اور اس وقت موجودہ بلڈنگ کی دوسری جگہ منتقلی تقریباً ناممکن ہے، لہذا اسمبلی سیکرٹریٹ کے بالکل سامنے وفاقی حکومت کے زیر استعمال محکمہ موسمیات کی عمارت اگر صوبائی اسمبلی کو دے دی جائے تو اسمبلی میں مختلف دفاتر، کیفی ٹیریا، کار پارکنگ، کمیٹی رومز، لائبریری اور ایم پی ایز ہاسٹل وغیرہ کیلئے جگہ دستیاب ہو جائے گی، نیز جناب وزیر اعلیٰ صاحب، قائد حزب اختلاف اور دیگر پارلیمانی پارٹیوں کے لیڈروں کے دفاتر کیلئے بھی جگہ دستیاب ہو گی۔ آپ سے درخواست ہے کہ محکمہ موسمیات کی عمارت صوبائی اسمبلی کو دینے کیلئے وفاقی حکومت کو ہدایات جاری کریں لیکن خصوصی گزارش ہے کہ جتنا جلد یعنی ہمارے وقت میں ہمیں Possession حوالے کی جائے۔

(تالیاں)

یہ آپ محسوس نہیں کریں گے، اسمبلی کے سٹاف کی طرف سے اور کچھ معزز اراکین کی طرف سے ایک ریکویسٹ اور بھی ہے۔ وفاق اور تمام اہم اداروں کے افسران اور ملازمین کی اپنی رہائشی کالونیاں بنی ہیں جبکہ اسمبلی سیکرٹریٹ کے افسران اور ملازمین کیلئے ابھی تک کوئی رہائشی کالونی نہیں ہے۔ میری گزارش ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ کے افسروں اور ملازمین کیلئے رہائشی کالونی کی تعمیر کیلئے پشاور کے قریب ریگی اور اورکزئی اقوام کا تنازعہ حل کر دیا گیا ہے اور اب اسمبلی ماڈل ٹاؤن کے نام سے ہماری صوبائی حکومت کی ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کی ایک سکیم In progress ہے جس میں کم از کم پانچ سو ایکڑ اراضی فوری طور پر اسمبلی ملازمین اور ضرورتمند اراکین اسمبلی کی رہائشی سکیم کیلئے الاٹ کی جائے اور اس منصوبے پر فوری کام شروع کیا جائے کیونکہ صوبائی دارالحکومت میں ہونے کے باعث اسمبلی ملازمین اور اسمبلی اراکین کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اس بارے میں جناب صدر مملکت سے میری یہ گزارش ہو گی کہ اسمبلی ملازمین بمعہ اسمبلی ممبران کیلئے اراضی کی قیمت اور اس منصوبے کے اخراجات اگر وفاقی حکومت برداشت کرے گی تو اسمبلی کا سارا اسٹاف اور ممبران صاحبان تاحیات دعا گو رہیں گے۔

اب میں جناب لیڈر آف دی ہاؤس، وزیر اعلیٰ، امیر حیدر خان ہوتی صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ اپنا 'ویلکم ایڈریس' شروع کریں۔ امیر حیدر خان ہوتی۔

(تالیاں)

## وزیراعلیٰ کی جانب سے صدر پاکستان کو خوش آمدید

جناب امیر حیدر خان (وزیراعلیٰ): بِسۡمِ ٱللّٰهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ محترم سپیکر صاحب، نہایت ہی قابل احترام صدر مملکت، جناب آصف علی زرداری صاحب، قابل احترام گورنر خیبر پختونخوا اور اس معزز ہاؤس کے میرے نہایت ہی معزز Colleagues، ممبران صاحبان! سب سے پہلے میں صدر مملکت جو آج تشریف لائے ہیں، اس ہاؤس کی نمائندگی کرتے ہوئے خوش آمدید کہونگا اور یہ کہونگا کہ 'ھر کلہ راشئ پخیرہ راغلئ'۔

(تالیاں)

اس موقع پر میں زیادہ تفصیلی بات کرنا نہیں چاہونگا کیونکہ آج ہم منتظر ہیں کہ صدر مملکت اپنے خطاب میں ہم سب کی رہنمائی کریں اور جو بنیادی ایشوز ہیں، جو چیلنجز ہیں، جس کا ہم سامنا کر رہے ہیں، اس حوالے سے وہ اس ہاؤس کی رہنمائی کریں اور اپنے خیالات کا اظہار کریں اور یقینی طور پر ضرور ان بنیادی ایشوز پر ان آزمائشوں کے حوالے سے، ان چیلنجز کے حوالے سے آج وہ ہماری رہنمائی کریں گے۔ میں صرف مختصراً آج پورے ہاؤس کی طرف سے اور خیبر پختونخوا کے عوام کی طرف سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آج یہ تاریخ ساز لمحات ہیں، آج تاریخ لکھی جارہی ہے کہ پہلی دفعہ اس صوبائی اسمبلی کو کوئی صدر مملکت آکر خطاب کر رہے ہیں اور وہ اس ہاؤس کی رہنمائی کر رہے ہیں۔

(تالیاں)

محترم صدر صاحب! آپ کے سامنے آج اس اسمبلی کے جتنے ممبران موجود ہیں، آج آپ کی اور ان کی موجودگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں یہ گزارش کرنا چاہونگا کہ آپ نے ہمیشہ ہر موقع پر خیبر پختونخوا کی حکومت اور عوام کی 'سپورٹ' کی بات کی ہے اور جو 'اونرشپ' ہم نے آپ سے چاہی ہے، وہ 'اونرشپ' آپ نے دی ہے اور آپ نے ہر موقع پہ یہ کہا ہے کہ آپ کو ہم سب کی قربانیوں پر فخر ہے اور جو کردار ادا کیا گیا ہے، آپ اس کو Appreciate کرتے ہیں۔ میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہونگا کہ ایک صوبائی حکومت، ایک وزیراعلیٰ کے بس کی بات نہیں تھی، اگر اس کا کریڈٹ جاتا ہے حقیقت میں تو آپ کے سامنے اس ہاؤس کے جو ممبران بیٹھے ہیں، ان کو یہ کریڈٹ جاتا ہے، انہوں نے Deliver کیا ہے، تمام مشکلات کے باوجود ان چیلنجز کا انہوں نے مقابلہ کیا ہے اور ہمارے صوبے کے عوام نے ملکر

ہمارے ساتھ یہ مقابلہ کیا ہے۔ (تالیاں) جس طرح محترم سپیکر صاحب نے ابھی کہا کہ اس ہاؤس کی کچھ اچھی روایات ہیں اور ان روایات پر ہمیں فخر ہے، ایک تاریخی فیصلہ آپ نے کیا محترم صدر صاحب، کہ پورے ملک میں پہلی یہ ایک صوبائی اسمبلی ہے کہ آپ تشریف لائے ہیں اور آپ خطاب کرنے جارہے ہیں اور میرے خیال سے شکر الحمد للہ، شکر الحمد للہ جو ماحول اس صوبائی اسمبلی میں ہے، تمام تر احترام کیساتھ جتنی بھی ہماری Legislatures ہیں لیکن یہاں پر جو ماحول ہے، یہاں کا جو Atmosphere ہے، وہ شکر الحمد للہ کہیں بھی دیکھنے کو نہیں ملتا، اتفاق، اتحاد اور بھائی چارے کا مظاہرہ اسی صوبائی اسمبلی سے ہوتا ہے، یہیں سے ہم نے سیکھا ہے اور ان شاء اللہ یہ روایات جاری رکھیں گے۔

(تالیاں)

میں آخر میں آنریبل پریزیڈنٹ سر، شاید بہت سارے لوگ اس اسمبلی کے نہیں، اس اسمبلی سے باہر یہ سوچ رہے ہونگے کہ آج ہم آپ سے کیا مانگیں گے؟ آج آپ ہمارے مہمان ہیں، آپ ہمارے بڑے ہیں، ہم آپ سے صرف رہنمائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، کچھ چاہیئے ہوگا، کوئی مشکلیں ہونگی، آپ نے ہمیشہ پوچھا ہے، آپ کو خبر دیتے رہیں گے، آج صرف آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور آپ کے کردار کو سلام پیش کرتے ہیں۔

(تالیاں)

آپ کا مزید وقت نہ لیتے ہوئے اور اگر تھوڑا بہت جو مجھے وقت دیا گیا تھا، تو میں یہ چاہونگا کہ مجھ سے زیادہ آج میرے محترم، ویسے تو لیڈر آف دی اپوزیشن لیکن میرے بڑے، میرے بھائی، وہ ضرور بات کریں گے اور میں چاہونگا کہ مجھ سے زیادہ وہ بات کریں اور وہ ہم سب کی رہنمائی کریں۔ شکریہ سر، تھینک یو۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو، لیڈر آف دی ہاؤس۔ اب میں اپوزیشن کی طرف سے لیڈر آف دی اپوزیشن، جناب اکرم خان درانی صاحب کو دعوت خطاب دیتا ہوں کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔

(تالیاں)

## قائد حزب اختلاف کی جانب سے صدر پاکستان کو خوش آمدید

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب محترم سپیکر صاحب، محترم آصف علی زرداری صاحب، صدر پاکستان، بیرسٹر مسعود کوثر صاحب، گورنر خیبر پختونخوا، جناب امیر حیدر خان ہوتی صاحب، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوااوراراکین صوبائی اسمبلی!آج یقیناً یہاں پرآج کا دن باقی دنوں سے مختلف ہے کہ آج کے دن جناب صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب نے پاکستان کی تاریخ میں ایک نئی روایت قائم کی کہ وہ بذات خود آکر آج خیبر پختونخوااسمبلی کے معززاراکین کیساتھ اس معزز ہال میں تشریف فرما ہیں، میں دل کی گہرائیوں سے سب اراکین اسمبلی کی طرف سے، جملہ سٹاف کی طرف سے اور خیبر پختونخوا کے غیور عوام کی طرف سے دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب پریزیڈنٹ صاحب! اللہ تعالیٰ نے پختونوں کی اس سرزمین کو ایک خوبصورتی دی ہے، ایک حسن سے نوازا ہے جو کہ ہم دعا کرتے ہیں کہ باقی ملک میں بھی یہ حسن ہو، یہ شائستگی ہو، ہمیشہ دعاگو ہیں،ان شاء اللہ آج آپ کو بھی یقیناًیہاں پر معلوم ہوگا،آپ نے خود قومی اسمبلی میں بھی جاکر 'سپیچ' کی اور ہمارے ساتھ بھی آج آپ مخاطب ہیں،یہاں کی روایات پختون روایات ہیں، یہ پختونوں کی سرزمین ہے اور پختونوں کے کلچر میں ہے کہ وہ اپنے مہمان کیلئے اپنی جان کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کرتے اور اپنا سر بھی پیش کرتے ہیں۔

(تالیاں)

ہمارے آباؤاجداد نے کوشش کی ہے، ایک ورثے میں ہمیں کچھ ملا ہے اور وہ یہ روایت ہے اور ابھی جو ہم بیٹھے لوگ ہیں،ان شاء اللہ اس کو اپنی اولاد کو منتقل کروارہے ہیں کہ یہ جذبہ، یہ محبت، یہ شائستگی اور یہ خوبصورتی اس صوبے کی زینت ہو اور ان شاء اللہ رہے گی کیونکہ یہ سارے اراکین جاکر اپنے اپنے حلقوں میں، گاؤں میں اور حجروں میں اپنی روایات کو قائم رکھتے ہیں اور بچوں کو بھی اس پر پابند رکھتے ہیں۔ان شاء اللہ آج آپ کیلئے، سب سیاسی پارٹیاں یہاں پر ہیں اور آپ کو میں ایک بار پھر کہتا ہوں کہ آپ کو دل سے احتراماً،یہاں پر جو الفاظ ہیں، وہ زبانی نہیں ہیں،یہاں پر میرے ساتھ سارے اپوزیشن کے ممبران اسمبلی ہیں، سب سیاسی جماعتوں کے اور آزاد اراکین بھی ہیں۔آپ نے اپنے وقت میں، سپیکر

صاحب نے بھی روشنی ڈالی، ہمارے وزیراعلیٰ صاحب نے بھی بڑے خوبصورت انداز میں اور میرے خیال میں پختون کی جو زبان ہوتی ہے۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: معزز اراکین! بیس پچیس منٹ بعد نماز اکٹھی پڑھی جائے گی، صدر مملکت کے خطاب کے بعد۔ جی جناب۔

قائد حزب اختلاف: میں خود بھی جی بیمار تھا اور یقین جانیئے کہ آج آپ کیلئے لاہور سے رات کو پہنچا کیونکہ میں یہ نہیں برداشت کرتا کہ آپ آرہے ہیں اور یہاں پر لیڈر آف دی اپوزیشن نہ ہو، تو میرے خیال میں اخبارات کچھ اور لکھتے، شاید میری بیماری کا ذکر ہوتا یا نہ ہوتا، چونکہ آپ نے بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے وہ اختیارات جو کہ میرے خیال میں یہاں پر سپیکر صاحب نے ذکر نہیں کیا، جو کہ ایک ڈکٹیٹر سے پریذیڈنٹ کو منتقل ہوئے تھے اور آپ نے وہ اختیارات اپنے آپ سے لیکر پرائم منسٹر اور وہاں پر ایوان کے حوالہ کئے، (تالیاں) یہ بھی آپ کا بڑا پن ہے، معمولی سا اختیار بھی کوئی نہیں سوچتا کہ بھائی کو بھی دیدے، زیادہ تر اپنے پاس رکھنے کی کوشش کرتا ہے اور آپ نے جو ایک بڑا کام کیا، پرائم منسٹر کو ہدایات جاری کرتے ہوئے وہاں پر قومی اسمبلی میں سب سیاسی جماعتوں کی ایک کمیٹی بنائی اور اس کمیٹی نے بڑا کام کیا، خصوصاً دہشت گردی کے خلاف اور پھر اس کمیٹی نے متفقہ، جس میں سب سیاسی پارٹیاں تھیں، وہ اگر سینیٹ میں تھیں یا قومی اسمبلی میں تھیں اور انہوں نے اتفاق رائے سے ایک قرارداد پاس کی دہشتگردی کے خلاف اور اس میں ذکر زیادہ تر یہ ہے کہ ہم سب اپنے ملک کے اندر دہشتگردی کا خاتمہ چاہتے ہیں، کوئی بھی ان کیساتھ نہیں لیکن اس کیلئے بجائے طاقت کے اس کا سیاسی حل نکالا جائے اور سیاسی حل کے ذریعے یہ معاملہ پایہ تکمیل تک پہنچ سکتا ہے۔

پریذیڈنٹ صاحب! آپ سے زیادہ کس کو معلوم ہوگا کہ خیبر پختونخوا کے ابھی جو موجودہ حالات ہیں، ہماری معیشت بہت خراب ہے، ہمارے کارخانے بند ہیں، لوگ زیادہ تر ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکانی کر رہے ہیں، قبائل میں بہت زیادہ تکلیف ہے، قبائل سے بھی لوگ نقل مکانی کر رہے ہیں، ہمیں بے انتہا تکالیف کا سامنا ہے، ہم آپ سے یہی درخواست کرتے ہیں کہ جس طرح آپ نے پارلیمنٹ پر اعتماد کیا اور اپنے اختیارات پارلیمنٹ کے حوالہ کئے تو آپ سے یہی ایوان ایک درخواست کرتا ہے کہ پارلیمنٹ نے جو متفقہ قرارداد پاس کی ہے، اس کی توقع آپ سے ہے کہ عملی کام اس پر آپ ہی کریں گے اور

دہشتگردی کے متعلق کمیٹی نے جو فیصلے کئے ہیں، (تالیاں) کسی اور سے ہم یہ توقع نہیں کر سکتے، اس قوم کی نظریں آپ ہی کی طرف ہیں کہ وہ قرارداد جو اس صوبے، اس ملک کیلئے متفقہ پاس ہوئی ہے، ان شاء اللہ اس پر آصف علی زرداری صاحب پرائم منسٹر کو ہدایات دیں گے یا اسے بتائیں گے کہ اس قرارداد پر آخری عمل ہو، تو یقین جانیئے ہم بھی عوام میں ہیں، یہ دہشتگردی کا جو ناسور ہے، یہ ختم ہو سکتا ہے۔ یہاں پر یقین جانیئے ہمارے بہت ہی پیارے اور یہاں پر ہمارے جو چیف منسٹر صاحب ہیں، اس نے کہا کہ آج کا دن مانگنے کا نہیں ہے اور ہمارا شیوہ بھی نہیں ہے، ہمارے کلچر میں بھی یہ نہیں ہے لیکن دو باتیں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ آپ نے مہربانی کی تھی اور آپ کی ہدایات پر، آپ کیساتھ ہماری بزنس کمیونٹی کے تاجر، انڈسٹریز کے لوگ ملے تھے کہ اس صوبے میں بہت زیادہ نقصان ہو رہا ہے اور آپ نے مہربانی کی تھی، آپ نے پانچ سال تک اس کو چھوٹ دیا تھا اور بزنس کمیونٹی کو مالیاتی پیکج دیا تھا، وہ پانچ سال جی اب اس میں پورے ہو رہے ہیں، پرائم منسٹر سے ہماری بزنس کمیونٹی بھی ملی ہے اور آپ سے یہی درخواست ہے، اگر مناسب ہو تو دو سال کی اگر Extension ہو، چونکہ اس صوبے کے مالی حالات بہت خراب ہیں جی، اگر مزید دو سال کی اس کو Extension دی جائے اور دوسرا جی یہاں پر میں اگر پولیس کا ذکر نہ کروں کہ ہماری پولیس نے جس طرح قربانی دی ہے اور یقین جانیئے آپ کو وہ اطلاعات آتی ہونگی اور یہاں پر ابھی پشاور میں بھی ہوا ہے، ہماری درخواست یہ ہوگی کہ جو لوگ شہید ہوئے ہیں، آرمی میں بھی ایک طریقہ کار ہے کہ آرمی کے جو شہید لوگ ہوتے ہیں، ان کو سرکاری زمینیں دیتے ہیں، ان کے بال بچوں کیلئے، تو اگر خیبر پختونخوا کی پولیس کے بچوں کیلئے بھی آپ ہدایات جاری کریں کہ جو شہید ہیں، ان کیلئے کوئی سرکاری زمین دی جائے تو میرے خیال میں یہ بڑی مناسب بات ہوگی اور ہمیں آپ سے امید بھی ہے، یہ ہم نے آپ کے سامنے رکھی ہے، ایک تجویز ہے ہماری، باقی اس پر بھی احسان مند ہیں کہ جو آپ نے کیا ہے۔ میں آخر میں ایک بار سپیکر صاحب کا اور آپ کے یہاں آنے پر آپ کا اور گورنر خیبر پختونخوا کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ہمارے یہاں پر جو حالات ہیں، وہ آپ کے سامنے ہیں۔ میں نہیں چاہتا تھا کہ ایک دو باتیں اس طرح ہوں لیکن ضروری میں سمجھتا تھا۔ آپ کا عہدہ اس طرح ہے کہ آپ صرف ایک پارٹی کے سربراہ نہیں ہیں، پارٹی کے سربراہ بھی ہیں اور ہمارے ملک کے پریزیڈنٹ بھی ہیں تو یہ آپ کے جو عہدے ہیں، وہ ضرور ایک تقاضا کرتے ہیں آپ سے کہ ہم اگر آپ کے سامنے کوئی درخواست رکھیں تو میرے خیال میں اس پر آپ مناسب احکامات جاری کریں گے۔ Thank you very much۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جناب اکرم خان درانی صاحب۔ اب میں معزز مہمان خصوصی، صدر پاکستان، جناب آصف علی زرداری صاحب سے گزارش کرتاہوں کہ وہ آکر ایوان سے خطاب فرمائیں۔ جناب آصف علی زرداری صاحب، صدر مملکت پاکستان۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر نعرہ بھٹو جیئے بھٹو، اگلی باری پھر زرداری اور صدر زرزندہ باد کے نعرے لگائے گئے)

## صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب آصف علی زرداری کا خطاب

<u>جناب آصف علی زرداری (صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ عزب مآب جناب سپیکر صاحب، آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس، چیف منسٹر صاحب، گورنر صاحب، آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن! السلام علیکم۔

<u>ایوان</u>: وعلیکم السلام۔

<u>صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان</u>: آج مجھے بڑی خوشی ہو رہی ہے کہ میں پختونوں کے خیبر پختونخوا آیا ہوں۔ الحمدللہ اسی سیاست میں ہم نے سب پرواز چڑھی اور دوسروں سے، اپنے والد سے، شہید ذوالفقار علی بھٹو سے، محترمہ بینظیر بھٹو سے اور دوسرے اپنے بزرگوں سے، خان ولی خان سے، مولانا فضل الرحمان سے، سب سے میں نے آپ سمجھیں کہ تعلیم حاصل کی اور تعلیم کا ایک درجہ ہے کہ انسان قبر تک اسے سیکھتا رہتا ہے۔ اس ساری تعلیم کا میں معاہدہ لیکر سیاست میں تب آیا جب آپ سے اور مجھ سے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو ایک سوچ نے جدا کر دیا۔ ان کی شہادت نے ہم پر یہ لازم کیا کہ میں آگے بھی آؤں اور پاکستان کی باگ ڈور بھی سنبھالی جائے اور اس انداز سے چلا جائے کہ نہ پاکستان کو ضرب لگے، نہ ہماری انسٹی ٹیوشنز کو ضرب لگے، نہ کسی ڈیموکریسی کو ضرب لگے اور یہ سفر بھی آگے جاری رہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس اسمبلی کا پانچ سال مکمل کرنا ایک بہت بڑا، بہت بڑا Example ہے آپ کی Maturity کا، ہماری Maturity کا اور ہم سب کے صبر کا۔ حالات دنیا کے جس طرف جا رہے ہیں، میں اس کی طرف آپ کی توجہ چاہونگا اور آپ سے یہی عرض ہو گی کہ پاکستان کے اور اپنے خطے کے خاصکر، اسلئے کہ آپ بارڈر لائن سٹیٹ ہیں، افغانستان آپ کے بارڈر پر ہے، ہم بارڈر لائن سٹیٹ بنتے ہیں پاکستان، ایران اور افغانستان، ایک طرف چائنا، دوسری طرف انڈیا اور اگر راستے بنا دیئے جائیں تو ہم تاجکستان بھی جا سکتے ہیں۔ ہماری

آفادیت، پاکستان کی آفادیت آئندہ کیلئے، آئندہ آنے والی قومیتوں کیلئے، آئندہ آنے والی مارکیٹوں کیلئے، آئندہ ہونے والی 'گروتھ' کیلئے پوری دنیا کو اس کا ایک احساس ہے اور یہ جو ہم نے اپنے لئے سوچ پیدا کر لی، جس سوچ نے آج بھی اور اس کا میں، قاضی حسین احمد پر جو آج حملہ ہوا ہے، اس پر بھی میں افسوس کرنا چاہونگا اور آپ دوستوں کو اس کی رہنمائی میں بھی یہ بتانا چاہونگا کہ یہ نہیں کہ اب کوئی کہہ سکتا ہے کہ قاضی صاحب مسلمان نہیں، کوئی نہیں کہہ سکتا کہ وہ نماز نہیں پڑھتے مگر وہ ان کو بھی قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ یہ سوچ ایسی مختلف سوچ ہے جو کہ اپنی سوچ لے کے آئی ہے کہیں باہر سے، اور ان کے ارادے دنیا پر تو ہونگے مگر پہلے پاکستان پر ہیں اور ہم نے اپنے پاکستان کو بچانا ہے۔ میں آپ کی بہادری پر، آپ کے دوستوں کی بہادری پر، آپ نے اپنے بچوں کی قربانیاں دی ہیں، آپ کے پولیس افسروں نے اپنی قربانیاں دی ہیں، فوج کے جوانوں نے قربانیاں دی ہیں، 'پالیٹیشنز' نے، ہمارے ورکروں نے قربانیاں دی ہیں، آپ کے ورکروں نے قربانیاں دی ہیں، ان سب کی قربانیوں کا صلہ ہے کہ ہم یہاں آج کھڑے ہو سکتے ہیں، آپس میں بات کی جا سکتی ہے اور جمہوریت آگے بڑھ رہی ہے۔ اصل انقلاب اور انقلاب جمہوریت کی Evolution سے آنا ہے اور Practicing جمہوریت ہونی چاہیئے، یہ نہیں کہ صرف جمہوریت نام نہاد جمہوریت ہو۔ آج جو میں یہاں ماحول دیکھ رہا ہوں، اسی کو جمہوریت کہتے ہیں، اسی کو Tolerance کہتے ہیں، اسی کو سوجھ بوجھ کہتے ہیں۔ اگر دو دوست اور لکھے پڑھے لوگ آپس میں مل کر بات نہیں کر سکتے اور اگر اختلاف بھی ہو تو اس میں انگریزی کا ایک محاورہ ہے کہ Let's agree to disagree کہ ہم مخالف بھی ہو سکتے ہیں، مخالفت بھی کر سکتے ہیں مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم Extreme position لے لیں، تو میں سمجھتا ہوں اور میری یہ سوچ ہے اور یہ دعا بھی ہے کہ آئندہ آنے والی نسلیں اسی راہ پر چلتی رہیں گی۔ اس کی آپ لوگوں کا Example، ایک بہت بڑا Example ہے اس اسمبلی کو سنبھال کے رکھنا، آپ کی جمہوریت کو سنبھال کے رکھنا پاکستان کے 'انٹرسٹ' میں ہے، دنیا کے 'انٹرسٹ' میں ہے اور آئندہ آنے والی نسلوں کے 'انٹرسٹ' میں ہے۔ (تالیاں) آج میں جو یہاں شیرپاؤ صاحب کے بیٹے کو دیکھتا ہوں تو مجھے خوشی ہوتی ہے کہ آئندہ آنے والی نسل بھی جمہوریت کی طرف چل رہی ہے، جمہوریت کی باگ سنبھالے ہوئی ہے۔ یہی بات ہم نے اپنی نسلوں کو کی ہے، اپنی نسلوں کو آگے لا کے حالانکہ ہمارے پاس 'چوائس' تھی کہ ان نسلوں کو ہم Politics سے نکال دیتے اور اگر کوئی اور باپ ہوتا تو شاید وہ یہی سوچتا کہ میرا اکلوتا بیٹا ہے، میرے اکلوتے بیٹے کو میں کیوں سیاست میں آنے دوں؟ مگر

آپ کو پتہ ہے کہ آج کل کا نوجوان انیس سال میں بچہ نہیں ہے، اس نے خود بخود Volunteer کیا کہ نہیں یہ جگہ میں سنبھالونگا۔ میری ماں نے، میرے نانا نے، آپ نے بہت سی قربانیاں دی ہیں۔ میرے ورکروں نے قربانیاں دی ہیں، ان قربانیوں کو ہم رائیگاں نہیں جانے دیں گے، ان قربانیوں کو ہم آگے بڑھائیں گے اور اس کا آج یہی اثر ہے کہ الحمد للہ دوسرے بھی ان کو دیکھ کر سیاست میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ اب سوال آجاتا ہے کہ پختونخوا، خیبر پختونخوا کا مستقبل کیا ہے؟ میری نظر میں آپ کے پاس ہر چیز ہے، آپ کے پاس گیس ہے، آپ کے پاس پٹرولیم ہے، آپ کے پاس گرینائٹ ہے، آپ کے پاس 'کاپر' ہے، آپ کے پاس ہر چیز اس صوبے میں پائی جاتی ہے، جو صرف آپ کے پاس اب نہیں رہا، وہ لاء اینڈ آرڈر ہے، جو آپ کے پاس نہیں رہا، جو پہلے ہوتا تھا، پہلے یہاں چوری نہیں ہوتی تھی، پہلے یہاں کبھی ڈاکہ نہیں ڈالتا تھا، وہ ساری روایاتیں جو ہیں، آپ کے پختون کی روایاتیں جو ہیں، وہ انہوں نے بدل کے ایک جاہلیت کے زمانے میں لے گئے ہیں اور میرا خیال ہے اور آپ کو بھی میری یہی التجاء ہے کہ آپ اس سوچ کا مقابلہ کریں، اس سوچ سے ہم نے جنگ کرنی ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا بدلہ جو ہے، وہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے جمہوریت سے لیا۔ ہم نے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا بدلہ جو ہے، وہ جمہوری سوچ لا کے لیا ہے، پارلیمنٹ کو 'پاور فل' کر کے لیا ہے، آپ کو طاقت دے کے لیا ہے، این ایف سی ایوارڈ لا کے لیا ہے۔ آپ کے صوبوں کو، یہ ہم دیکھ رہے تھے کہ آئندہ آنے والے وقت میں آنے والا دشمن ہمارے صوبوں کو ہم سے الگ کرنا چاہے گا تو ہم نے پہلے ہی سے اس کا علاج دے دیا صوبوں کو، ایک کہتے ہیں Bind دے دیا فیڈریشن میں۔ اب ہر صوبے کے عوام سمجھتے ہیں کہ اسلام آباد میں ان کا بھی حصہ ہے۔ اگر وہ بلوچ ہوں، پختون ہوں، سندھی ہوں، پنجابی ہوں، ہر قوم سمجھتی ہے کہ ان کا حصہ ہے، یا نئے سندھی ہوں، ان کا حصہ ہے اسلام آباد میں، اور یہ صرف ایسے خیالی سوچ نہیں آئی، یہ میرے Experience کی ایک سوچ تھی، Experience کی بات تھی جو کہ میں نے ہر گھاٹ سے سیکھا ہے، کوئی ایک کتاب پڑھ کے نہیں، آٹھ آٹھ سال، نو نو سال ہم نے جیلیں کاٹی ہیں۔ اگر ہم نے جیلیں کاٹی تھیں تو وہ اس سوچ پہ کاٹی تھیں کہ یہ ہمارا ایک، جیسے کہتے ہیں ہماری عبادت ہے جس میں ایک اور سوچ خلل لا رہی ہے اور ہماری عبادت کو ہم ختم نہیں ہونے دیں گے اور وہاں بیٹھ کر ہم نے سوچا اور سمجھا کہ Way forward کیا ہے، اگر ہم جیلوں سے نکلتے ہیں تو کل کے پاکستان میں کیا ہونا ہے؟ تو اسی لئے جیل سے رہا ہوتے ہوئے ہم نے میاں صاحب کیساتھ، ہر پولیٹیکل فورس کیساتھ Reconciliation کی

بات کی اور ہم نے اس وقت کے غاصب کو، اس وقت کے ڈکٹیٹر کو مضبوط نہیں ہونے دیا اور آج اب بھی ہم اسی ظرف پہ کھڑے ہیں کہ چاہے کتنی بھی مخالفت ہو، آپس میں ہم نے سیاسی طور پہ، کوئی بھی گھر، کوئی بھی قلعہ باہر سے نہیں گرتا، اندر سے گرتا ہے تو پہلے ہم اندر اپنی ایک ہم آہنگی پیدا کر لیں، اپنی قوم میں ایک جذبہ پیدا کر لیں تا کہ باہر کا دشمن ہمیں کمزور نہ کر سکے اور اس میں بہت سی سوچیں ہیں۔ اگر آپ تاریخ میں جائیں تو 'سیکنڈ ورلڈ وار' شروع ہو رہی ہے تو 'کولڈ ورلڈ وار' اس سے پہلے شروع ہو گئی ہے۔ چرچل جنگ جیت رہا ہے مگر اس کے خلاف سیاسی بغاوت پہلے ہی شروع ہو گئی ہے تو ہمارے خطے میں بھی جو سیاست آنے والی ہے، اس سیاست کی ہم نے آج ہی سوچ رکھنی ہے اور اس سوچ کو رکھتے ہوئے، نظر میں رکھتے ہوئے ہم نے اپنے ہر انسٹی ٹیوشن کو مضبوط رکھنا ہے، اپنی پاکستانیت کو مضبوط رکھنا ہے، فیڈریشن کو مضبوط رکھنا ہے اور فیڈریشن تب ہی مضبوط ہو سکتی ہے جب صوبے مضبوط ہوتے ہیں۔ ضرور آپ کے ہاں تکلیف ہے، میں بالکل اپوزیشن کی اور چیف منسٹر صاحب کی اور کرامت صاحب کی باتوں سے اتفاق کرتا ہوں جو آپ کو تکلیفیں ہیں اسمبلی کی، اس کی میں سفارش ضرور کرونگا فیڈریشن سے ان شاء اللہ، وہ آپ کے دور میں ہی کروا کے ان شاء اللہ آپ کو، ان کو راضی کر کے دیا جائے گا۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you.
<u>Members:</u> Thank you.

(تالیاں)

<u>صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان</u>: مگر پہلی بات ہم نے آپ کی Indigenization کرنی ہے، آپ نے اپنی پولیس کو خود Motivate کرنا ہے۔ آپ نے وہ Space occupy کرنی ہے جو Vacuum create ہو رہا ہے اسلئے کہ فوج کب تک آپ کے پاس رہے گی؟ ایک دن آپ نے خود اس ذمہ داری کو سنبھالنا ہے۔ جتنے آپ Arab springs دیکھ رہے ہیں، دنیا میں جو تبدیلیاں آ رہی ہیں، ان کا اور آپ کا فرق یہ ہے کہ آپ کے پاس جمہوریت ہے جس نے اس بال کو Catch کر لیا ہے یا اس انسٹی ٹیوشن کو سنبھال لیا ہے، پاکستان کو سنبھال لیا ہے۔ آپ سوچیں، اگر آپ کے پاس جمہوری ادارے نہ ہوتے اور ہم جمہوری جنگ نہ کر رہے ہوتے، پارلیمنٹ نہ ہوتی اور ہم نے مجبور نہ کیا ہوتا ایک جنرل کو وردی اتارنے پہ، تو آج کیا پوزیشن ہوتی؟ میں نے بھی 'پاورز' اسلئے جلدی سے، جلد سے جلد دے دیئے کہ ایسا نہ ہو کہ تاریخ یہ لکھے کہ ہم کو موقع ملا اور ہم نے 'پاورز' پارلیمنٹ کو نہیں دیئے، ہماری نیت میں کوئی فتور تھا، ہم نے کل کی تاریخ لکھنی ہے آج کی تاریخ لکھ کے۔ انہی الفاظ کیساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے یہاں

دعوت دی، میں بہت ہی اس کا ممنون ہوں اور بڑی خوشی ہو رہی ہے، آپ کی پارلیمنٹ میں پختونوں کو خطاب کرتے ہوئے، آپ کا Once again کرامت صاحب، بہت شکریہ۔ پاکستان پائندہ باد۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: بہت بہت شکریہ، جناب صدر مملکت صاحب۔

"In pursuance of Prorogation Order, received from the Governor, Khyber Pakhtunkhwa, under Clause (b) of Article 109 of the Constitution, the Session of the Assembly is hereby prorogued till such date as may hereafter be fixed". Thank you very much.

بہت بہت شکریہ، مبارک ہو۔

---

(اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)